ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم

A Part of YBG

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ
جلد نمبر ۶ شمارہ نمبر ۳    اکتوبر تا دسمبر ۲۰۱۶



## ترقی کا سفر جاری...

# وائتھ پاکستان کے اثاثے اور سرن فارماسیوٹیکلز کی خریداری

وائتھ پاکستان کے اثاثے اور سرن فارماسیوٹیکلز کی خریداری وائی بی جی گروپ کی جانب سے سال 2012ء میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے حصول کے بعد کمپنی نے جس تیز رفتاری سے سفر کیا ہے اس کی مثال کمپنی کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ چاہے وہ ہمارے متبادل توانائی کے منصوبے ہوں یا موجودہ پلانٹ کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہو، نیوٹراسیکلز اور اینمل ہیلتھ کے پروڈکشن یونٹ کا آغاز ہو، مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ اور یونی برانڈز پرائیوٹ لمیٹڈ کے ساتھ مشترکہ شیئر ہولڈر ایگریمنٹ، الغرض کمپنی اپنی پوری رفتار سے ترقی کیلئے کوشاں ہے تاکہ اپنے اسٹیک ہولڈرز کو بہتر کارکردگی سے مطمئین کر سکے اور ان کا کمپنی کی مینجمنٹ پر غیر متزلزل اعتماد قائم رہے۔ اسی حوالے سے کمپنی کی مینجمنٹ کی جانب سے وائتھ پاکستان لمیٹڈ کے مخصوص اثاثے خریدنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حطار انڈسٹریل اسٹیٹ میں قائم سرن فارماسیوٹیکلز کے مالکانہ حقوق بھی حاصل کرلئے ہیں۔ کمپنی کی جانب سے ان دونوں منصوبوں میں سرمایہ کاری اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ کمپنی اب اپنی فارماسیوٹیکلز پروڈکٹس کی مینو فیکچرنگ کی صلاحیت کی طرف قدم بڑھا رہی ہے۔ واضح رہے کہ کمپنی کا فارماسیوٹیکلز ڈویژن فی الوقت تھراپی میڈیسن کی کیٹگری میں لیڈرشپ پوزیشن کا حامل ہے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ کا کہنا تھا کہ ہم فارماسیوٹیکلز بزنس میں آگے کی جانب پیش قدمی کر رہے ہیں جس میں ہماری پروڈکٹس لوگوں کی زندگی میں بہتری لائیں گی ۔ ہمارے یہ اقدامات آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کیئے گئے وعدے اور عزم کا اظہار ہے کہ ہم ان کیلئے کمپنی کے ترقی کے سفر کو جاری رکھیں گے اور اس کی قدر میں اضافے کیلئے کوشاں رہیں گے کیونکہ یہ ہمارے برانڈ پراس کلٹیویٹنگ گروتھ (ترقی کیلئے کوشاں) کے عین مطابق ہے۔ ان اثاثوں کے حصول کے بعد ہم فارماسیوٹیکلز کے میدان میں اپنے آپ کو بہتر پائیں گے اور ملک بھر کے مریضوں کو صحت کے حوالے سے بہتر سہولتیں مہیا کرسکیں گے۔

# آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ششماہی نتائج

## مستحکم کارکردگی، فی حصص آمدنی میں 18 فیصد اضافہ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے منعقدہ اجلاس میں کمپنی کی 31 دسمبر 2016ء کو ختم ہونے والی ششماہی کے دوران مالیاتی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ششماہی نتائج کا اعلان کیا۔ اعلامیئے کے مطابق اس عرصہ کے دوران کمپنی نے اپنا ترقی اور استحکام کا سفر جاری رکھا۔ اس ششماہی میں غیر مجموعی بعد از ٹیکس منافع 1,536 ملین روپے رہا جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 18 فیصد زیادہ ہے جبکہ اس دوران فی حصص آمدنی 16.63 روپے رہی۔ اس موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 80 فیصد عبوری منافع کا بھی اعلان کیا ہے جو کہ 8 روپے فی حصص بنتا ہے۔

اس مدت کے دوران آپریٹنگ نتائج 1,934 ملین روپے رہے جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 17 فیصد زیادہ ہیں جس کی بنیادی وجہ پولیئسٹر، لائف سائنسز اور کیمیکلز بزنسز کی بہتر کارکردگی ہے۔ پولیئسٹر بزنس کی بہتر کارکردگی کی وجہ بزنس کے آپریٹنگ کاسٹ میں 2 فیصد کمی جبکہ لائف سائنسز کے فارماسیو ٹیکلز اور اینیمل ہیلتھ کے شعبہ جات میں ڈبل ڈیجیٹ اضافہ رہا۔

گزشتہ چھ ماہ کے دوران نیٹ ٹرن اوور 19,638 ملین روپے رہا جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 9 فیصد زیادہ ہے اس دوران اگرچہ تمام بزنسز نے مثبت کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے لیکن پولیئسٹر اور لائف سائنسز بزنس نے اس اضافے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے جو کہ بالترتیب 21 فیصد اور 7 فیصد رہا۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ششماہی نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ کمپنی مسلسل اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ بہترین مالیاتی کارکردگی کے علاوہ کمپنی اپنے کسٹمرز کی ضرورتوں کو پورا کرنے میں کوشاں ہے اور کاروبار میں ترقی کے مواقعوں کی تلاش میں رہتی ہے۔ جس کا ثبوت حال ہی میں سرن فارماسیوٹیکلز کا حصول، مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ اور یونی برانڈز پرائیوٹ لمیٹڈ کے ساتھ مشترکہ شیئر ہولڈرز ایگریمنٹ ہیں۔ یہ پارٹنرشپ پاکستان میں انفنٹ / گروئنگ اپ (Growing-up) فارمولا ملک مینوفیکچرنگ سہولت قائم کرے گی۔ اس کے علاوہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور وائیتھ پاکستان لمیٹڈ کے درمیان مخصوص اثاثے خریدنے کے معاہدے (Asset Purchase Agreement) پر گفت وشنید جاری ہے ۔ یہ تمام اقدامات کمپنی کے برانڈ پرامس کلٹیویٹنگ گروتھ (ترقی کیلئے کوشاں) کے عین مطابق ہیں تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کیلئے کمپنی کی قدر و منزلت میں اضافہ ہوتا رہے۔

# اداریہ

**عزیز دوستو!**

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ آپ کا رسالہ ہے جو آپ کو کمپنی کے اندر ہونے والے پروگراموں اور تبدیلیوں سے آگاہ کرتا ہے۔ اس شمارے کی خاص خبروں میں کمپنی کی ترقی کا سفر، ہماری ششماہی مالیاتی کارکردگی، دیوارِ صحافت کا آغاز ونگٹن اسکول کا تعارف اور تقسیم انعامات، سوڈا ایش پلانٹ پر جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، پولیئسٹر اور سوڈا ایش پلانٹ پر ہمارے ساتھیوں کی الوداعی تقاریب، کیمیکلز اور لائف سائنسز اینیمل ہیلتھ کی سرحد پار اداروں سے شراکت داری اور اس کے نتیجہ میں پاکستان کی فوم اور ڈیری فارم کی صنعت میں متوقع انقلابی تبدیلی کے بارے میں آپ جان سکیں گے۔

اس کی کامیابی کا سہرا آپ کے اوپر ہے۔ آپ کی رائے، تبصرے اور دلچسپی اس کو مزید کارآمد اور مفید بنا سکتی ہے۔ آپ اپنے بزنس میں ہونے والی تبدیلیوں اور پروگراموں سے تو باخبر رہتے ہیں لیکن آپ کو کمپنی کے دیگر بزنسز کے پروگراموں اور تبدیلیوں کے بارے میں صرف یہ رسالہ ہے جو آپ کو آگاہ کرتا ہے۔

ایڈیٹر۔عبدالغنی
abdul.ghani@ici.com.pk
Tel: 021-32318148, 32314646
Cell: 0300-8238751

ہمقدم ایک سہ ماہی رسالہ ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔ رسالہ میں شامل کسی بھی آرٹیکل کی اشاعت یا استعمال کیلئے اجازت لینا ضروری ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ریڈرز کلب

# تقسیم انعامات اور دیوارِ صحافت کا افتتاح

## پڑھیں، سیکھیں، بنائیں اور لطف اٹھائیں







مشاہدہ یہ کہتا ہے کہ بچوں کو ہر وقت کچھ نیا کرنے کو چاہئے۔ یہی وجہ ہے کہ بچے جو بچپن میں سیکھتے ہیں وہ انہیں زندگی بھر یاد رہتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی ،ٹی وی پر مختلف پروگراموں کی بھرمار اور سوشل میڈیا کی موجودگی نے مطالعے کے رجحان میں کمی کردی ہے جبکہ دیکھا جائے تو بچوں کیلئے تعلیمی مرحلے میں مطالعے کی نہایت ضرورت ہوتی ہے تاکہ ان کی معلومات اور علم میں اضافہ ہو جس کی بدولت وہ تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرسکیں۔

اسی ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بچوں میں مطالعے کے شوق کو پیدا کرنے کیلئے گزشتہ شمارے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ریڈرز کلب کے حوالے سے تفصیل پڑھ چکے ہیں۔گزشتہ دنوں ریڈرز





کلب کی تقریب تقسیم انعامات ڈبلیو آر آر اے اسکول کراچی میں منعقد ہوئی۔ ریڈرز کلب کی سرگرمی میں چوتھی جماعت سے دسویں جماعت تک کُل پچاس بچوں نے بڑے جوش و خروش سے حصہ لیا اور منفرد نوعیت کی پچاس کتابیں اخباری تراشوں کی مدد سے تیار کیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ہر جماعت سے پہلے دوسرے اور تیسرے نمبر پر آنے والی کتاب کو انعام دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا تھا۔



ججوں کے متفقہ فیصلے کے مطابق مندرجہ ذیل طلباء اور طالبات انعامات کی حقدار قرار پائیں۔

| جماعت | اول | دوم | سوم |
|---|---|---|---|
| چوتھی جماعت | دعا فاطمہ | حرا عدنان | طلحہ محمود |
| پانچویں جماعت | رمشاء | عالیان اخلاق | محمد جاوید |
| چھٹی جماعت | بناء حسن | غزمین نعیم | رمشاء خلیل |
| ساتویں جماعت | ماہ نور ندیم | عبدالمعید | ماہ نور فاطمہ |
| آٹھویں جماعت | صدف ریاض | طوبیٰ | ثمرن شیخ |
| نویں جماعت | حماد | حسنین | سید عبداللہ علی |
| دسویں جماعت | فضہ حسن | رابی طیب | آمنہ طاہر |

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے تمام انعام یافتہ طلباء اور طالبات کیلئے ماہنامہ نونہال ایک سال کیلئے جاری کروایا ہے جس کے ساتھ ساتھ اول انعام کیلئے اسکول بیگ، دوم کیلئے میجک مگ، اور سوم انعام کیلئے فاؤنٹین پین دیا گیا۔

آئی سی آئی پاکستان ریڈرز کلب کی سرگرمیوں کو آگے کی جانب بڑھانے اور بچوں میں پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت کو ابھارنے کیلئے اس موقع پر اسکول میں دیوارِ صحافت کا بھی افتتاح کیا گیا۔ جس میں بچوں نے پوسٹر کارڈ پر اخبار کی طرز پر خبریں لکھیں، اخبار کا نام منتخب کیا اور ایک بورڈ پر لگایا جس کو دیوارِ صحافت کا نام دیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ یہ دیوارِ صحافت بھی آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے اسکول کو عطیہ کی گئی ہے۔ تقسیم انعامات اور دیوارِ صحافت کے افتتاح کی تقریب کو اخبارات اور ٹی وی چینلز نے بھی کور کیا اور نمایاں طور پر شائع کیا۔






















ICI PAKISTAN LTD.
تقسیم انعامات









ICI PAKISTAN LTD.








تندرستی ہزار نعمت ہے

# ونگٹن ہسپتال کی کاوش (فری میڈیکل کیمپ)

رپورٹ: ملک محمد امیر

جس نے ایک انسان کی جان بچائی گویا اُس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔ (حدیثِ نبوی)

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کھیوڑہ نے لائف سائنسز بزنس کے تعاون سے کھیوڑہ اور اس کے گردنواح میں میڈیکل کیمپ لگائے۔ ونگٹن ہسپتال کے ڈاکٹر محمد راشد خان کھیوڑہ کمیونٹی اور تحصیل پنڈ دادن خان کے اردگرد علاقہ کے کمیونٹی کی صحت عامہ کے حوالے سے مختلف سرگرمیوں کے انعقاد میں کوشاں رہتے ہیں۔ کھیوڑہ میں میڈیکل کیمپ اس سلسلے میں لگایا گیا تھا تا کہ علاقے کے لوگوں کو فرسٹ ایڈ کی ٹریننگ اور مریضوں کو کولسٹرول، بلڈ پریشر کے فوائد اور نقصانات کے بارے میں آگاہی دی جاسکے۔

29 دسمبر کو حیدری چوک کھیوڑہ میں ایک کیمپ لگایا گیا جس میں ڈاکٹر محمد راشد خان نے مریضوں کا مفت معائنہ کیا اور انھیں میڈیسن بھی فراہم کیں۔ اس کیمپ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ اس میں کھیوڑہ شہر کے چیئرمین مونسپل کمیٹی ملک فیصل عباس وائس چیئرمین ملک شوکت حیات، کونسلر ملک علی اصغر، سینئر منیجر چوہدری طاہر عباس، غلام اصغر ملک ریجنل سیلز منیجر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز اسلام آباد نے شرکت کی۔ اس موقع پر وریام یونس ٹی ایم او بھی تشریف لائے اور فری کیمپ برائے کولسٹرول کا دورہ کیا۔ راجہ حسین اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ڈسپنسر محمد طیب نے مریضوں کے بلڈ پریشر اور کولسٹرول کو چیک اپ کرنے کی ڈیوٹی سرانجام دی۔ کھیوڑہ کی عوام نے اس کیمپ کو بہت سراہا اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی انتظامیہ اور خاص کر ڈاکٹر محمد راشد خان اور اُن کے سٹاف کا شکریہ ادا کیا اور آئندہ بھی ایسے کیمپ جاری رکھنے کی اپیل کی اس سال ڈاکٹر محمد راشد خان کا ارادہ تھا کہ چار امراض کے بارے میں جہاں تک ہوسکے۔ آگاہی دی جائے اور کیمپ لگائے جائیں (1) ہیپاٹائیٹس (2) ہائی بلڈ پریشر (3) شوگر (4) اور بلڈ کولسٹرول، یہ ایسے امراض ہیں جو بڑھتے جارہے ہیں لوگوں کو ان کے بارے میں آگاہی دی جائے تا کہ ان امراض پر کنٹرول پایا جا سکے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش ونگٹن ہسپتال میں آنکھوں کے امراض کے ہر ماہ ٹیسٹ اور آپریشن کئے جاتے ہیں۔ مفت لینس ڈالے جاتے ہیں دوائی اور عینک دی جاتی ہیں۔ علاقہ بھر کے لوگ ان کاوشوں کو سراہتے ہیں اور اس ادارے کے لئے دعائیں مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو قائم ودائم رکھے۔

اسی حوالے سے ڈاکٹر محمد راشد خان نے کھیوڑہ 60 سے کلومیٹر دور دریائے جہلم کے کنارے نوناں والا میں ایک کیمپ کا انعقاد کیا۔ اس سلسلے میں فیروزسنز لیبارٹریز کے تعاون سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی طرف سے یہ کیمپ لگایا گیا اس علاقے میں ہیپاٹائٹسس A,B,C, کے ٹیسٹ کئے گئے۔ ڈاکٹر محمد راشد خان اور انکے ہمراہ آئے ہوئے ڈاکٹر صاحبان اور انکے اسٹاف نے تقریباً 250 مریضوں کو چیک کیا۔ کالے یرقان کے بارے میں لوگوں کو آگاہی دی۔ علاقے بھر میں 2 مریضوں کو ہیپاٹائٹس سی تھا۔ تمام لوگوں کو مفت میڈیسن دی گئیں۔ اس کیمپ میں ہمارے لائف سائنسز بزنس نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ نونان والا گاؤں کے لوگوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر نونان والا کے سماجی کارکن محمد افسر نون نے ڈاکٹر محمد راشد خان، فیروزسنز لیبارٹری کی طرف سے آئے ہوئے ڈاکٹر صاحبان اور انکی ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ جو ہمارے گاؤں تشریف لائے۔ ہمارے لوگوں کو امراض کے بارے میں آگاہی دی، بلکہ مفت چیک اپ اور ٹیسٹ کئے۔ ہم ان تمام معزز مہمانوں کے مشکور ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایسے اداروں کو قائم ودائم رکھے۔ (آمین)

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کھیوڑہ کی جانب سے ڈاکٹر محمد راشد خان نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم عوام کی فلاح و بہبود کے لئے دن رات کوشاں ہیں۔ اس قسم کے کیمپس ہم اپنا فرض سمجھ کر منعقد کرتے ہیں تا کہ زیادہ سے زیادہ انسانی خدمت کی جاسکے۔










اگیری ڈویژن کی سیفٹی واک

# روڈ سیفٹی ہر ایک کی ذمہ داری









نوجوان نسل میں HSE اور روڈ سیفٹی کے بارے میں آگہی پیدا کرنے کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے شعبۂ سیڈز نے سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی (SAU)، ٹنڈوجام، حیدرآباد اور یونیورسٹی آف ایگریکلچر، فیصل آباد (UAF) میں ایک سیفٹی واک کا اہتمام کیا۔ سندھ زرعی یونیورسٹی میں واک کی قیادت ڈاکٹر مجیب سراہی یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے کی۔ دیگر شرکاء میں عبدالغفار خانزادہ اور یونیورسٹی کی فیکلٹی کے ممبران کے علاوہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے نمائندے بھی شامل تھے۔ فیصل آباد کی زرعی یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال قریشی (یونیورسٹی کے ڈائریکٹر برائے امور طلبہ) اور جناب ذوالقرنین حید (ریسرچ منیجر، ایگری) نے واک کی قیادت کی جبکہ ان کے ساتھ یونیورسٹی اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے نمائندے اس واک میں شامل تھے۔ ان دونوں مقامات میں سے ہر ایک سیفٹی واک میں 200 سے زیادہ طلبہ شریک ہوئے اور اپنے یونیورسٹی آڈیٹوریم میں پریزنٹیشن کے پروگرام میں شرکت کی۔ سندھ زرعی یونیورسٹی کی واک وی سی آفس سے شروع ہوئی اور فیصل آباد زرعی یونیورسٹی میں واک کا آغاز ڈائریکٹر، امور طلبہ کے دفتر سے ہوا۔ دونوں جگہ کی واک یونیورسٹی کے آڈیٹوریم پر اختتام پذیر ہوئی۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے شرکاء میں سیفٹی پیغام والی برانڈڈ کیپس اور معلوماتی بروشرز تقسیم کیے گئے۔

سیفٹی واک کے آخر میں متعلقہ یونیورسٹیز کے آڈیٹوریم میں سیمینار منعقد ہوئے۔ یونیورسٹی کی انتظامیہ نے مہمانوں کا تعارف کروایا اور ان کی یونیورسٹی میں سیفٹی واک کا اہتمام کرنے پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی اعلیٰ انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

ان پریزنٹیشنز کا مرکزی موضوع "روڈ سیفٹی، ہر ایک کی ذمہ داری" اور "مناسب تربیت، آگہی اور معلومات کے تبادلے سے حادثات پر قابو پایا جاسکتا ہے" تھا۔ سیمینار کے آخر میں یونیورسٹی کی اعلیٰ انتظامیہ کے سربراہ نے اختتامی کلمات ادا کیے اور اس بات پر زور دیا کہ ہمیں آج کی اور آنے والی نسلوں کیلئے صحت مند ماحول بنانے کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ سندھ زرعی یونیورسٹی میں ہونے والی واک کو ٹی وی چینل اور مقامی اخبارات نے بھی کور کیا۔



# ڈاچی میلہ

## لیڈیز ویلفیئر سینٹر کا اسٹال

رپورٹ: مسرت، لبنٰی، نفیسہ رمضان

ڈاچی میلہ پنجاب کے روایتی میلوں میں سے ایک ہے جو ہر سال لاہور میں لگایا جاتا ہے۔ جہاں پنجاب کے روایتی تہذیب / کلچر کی مناسبت سے مختلف اسٹال لگائے جاتے ہیں۔ ڈاچی میلے کو دیکھنے کیلئے لاہور اور گردونواح کے علاقوں سے بہت لوگ آتے ہیں۔

اس سال کھیوڑہ میں قائم لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی جانب سے ڈاچی میلے میں سینٹر کی طالبات کی بنائی ہوئی اشیاء کی نمائش کا اہتمام مسز سہیل اسلم خان کی کوششوں سے ممکن ہوا جس کا مقصد یہ تھا کہ سینٹر کی طالبات کو اس قسم کے میلوں میں شرکت سے مزید کچھ سیکھنے کا موقع ملے اور ان میں مزید خود اعتمادی پیدا ہو۔







ہم اپنی چیزوں کو لیکر 11 نومبر کی شام کو کھیوڑہ سے لاہور روانہ ہوئے۔ تمام لوگوں کے ٹھہرنے کا انتظام سن فورٹ ہوٹل میں کیا گیا تھا۔ صبح سویرے ہوٹل سے ناشتہ کر کے نکلے۔ ظفر علی روڈ پر ایک شادی ہال میں ڈاچی میلہ لگنا تھا جہاں ہم پہنچے۔ گاڑی سے ہم نے اپنا تمام سامان نکالا اور ہم اپنا سامان لے کر اپنے اسٹال پر پہنچے اور اپنی چیزیں ڈسپلے کرنا شروع کیں۔ جب ہم نے ادھر ادھر دیگر اسٹالوں پر نظر ڈالی تو نوٹ کیا کہ لوگ بہت خوبصورت اسٹال لگا رہے تھے تقریباً 12 بجے تک تمام اسٹال ریڈی ہو چکے تھے آہستہ آہستہ لوگوں کا رش شروع ہو گیا پہلے دن تو لوگوں نے کم خریداری کی سارا دن گزرنے کے بعد 7 بجے اناؤنس ہوا کہ سارے اسٹال کلوز کر دیئے جائیں۔ اس کے بعد ہم رات کے ڈنر پر پہنچے۔ مسز سہیل اسلم خان نے ہمارے ساتھ بندو خان پر ڈنر کیا اور ہم پھر ہوٹل واپس آ گئے۔ دوسرے دن 8:30 بجے ہوٹل سے نکلے اور اپنے اسٹال پر پہنچے دوسرے دن لوگوں نے بہت خریداری کی۔ ہمیں وہاں پر پاکستان کی ثقافت دیکھنے کا موقع ملا جس میں کشمیر کی وول پر کڑھائی، کشمیری شال، سندھ کی رلیاں، ملتانی کڑاھی سے بنی اشیاء پشاور سے چمڑے کی بنی چپل، ربن کا کام، سٹون جیولری ہم لوگ بھی نمک کے ماڈل ساتھ لے گئے۔ خرید وفروخت کا سلسلہ 14,13,12 تین دن جاری رہا۔

ڈاچی میلے میں شرکت سے ہم نے دوسرے اداروں کی بنائی ہوئی چیزیں اور کام دیکھے جس سے اندازہ ہوا کہ ہم بھی ان میں سے بہت سی نئی چیزیں بنا سکتے ہیں۔








آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش ایڈمن ڈیپارٹمنٹ نے ہمارے ساتھ بے حد تعاون کیا۔ انھوں نے نہ صرف ہمارے کھیوڑہ سے سامان کے ساتھ جانے کا بندوبست کیا بلکہ لاہور میں قیام کے دوران بھی اسٹال پر آنے جانے کیلئے سواری کا انتظام کیا۔ سینٹر سے باہر نمائش لگانے کا ہمارا یہ پہلا تجربہ تھا۔ جو اچھا ثابت ہوا جس سے ہمیں پتہ چلا کہ لوگ ہینڈ میڈ چیزوں کی قدر کرتے ہیں ہم ڈاچی میلہ جانے پر مسز سہیل اسلم ،مسز عمر مشتاق اور ایڈمن ڈیپارٹمنٹ کے شکر گزار ہیں کہ انھوں نے ہمیں کھیوڑہ سے باہر نمائش کا موقع دیا جس سے ہم نے بہت کچھ سیکھا اور سینٹر کی طالبات کی خود اعتمادی میں بہت اضافہ ہوا۔



# وننگٹن اسکول ایک تعارف: جب یہ پھول کھلیں گے تو چمن میں بہار ہوگی۔

رپورٹ: ملک محمد امیر



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کا وننگٹن اسکول تعلیم کے میدان میں تحصیل بھر میں سب سے آگے ہے۔ یہاں نرسری اور پرائمری سے لیکر سیکنڈری تک بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اسکول کے اساتذہ اور تمام عملہ سال بھر اس نرسری کو پروان چڑھانے کے لیے ہر لمحہ کوشاں رہتا ہے۔ اِن خوبصورت پھولوں کو نکھارنے کے لیے اِن کے فنکشن ،کلر ڈے، گیمز اور کلاس روم میں بہت ساری مصروفیات ان بچوں میں خود اعتمادی کے ساتھ ساتھ ان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرتی ہیں۔ علم حاصل کرنا ہر مرد اور عورت کے لیے فرض قرار دیا گیا ہے۔ اِسطرح علم سکھانا اور اسکو فروغ دینا بہترین اعمال میں سے ایک ہے۔

درج ذیل میں نرسری سیکشن کے بچوں کی مختلف سرگرمیوں کی منظر کشی آپ کیلئے پیش خدمت ہے۔






SPORTS DAY












Animals
Birds

لیڈیز ویلفیئر سینٹر

# کٹاس اور کلر کہار کی سیر و تفریح

رپورٹرز: فروا بتول، شہانہ افضل، نورینہ شاہین، شمائلہ شاہین، ثمینہ کوثر، سمن گل





گزشتہ دنوں لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی طالبات کو کٹاس اور کلر کہار دورے پر لے جایا گیا۔ان میں نہ صرف اسٹوڈنٹ بلکہ انٹرن شپ کرنے والی طالبات اور ٹیچرز بھی شامل تھیں۔20 اکتوبر کو صبح 8:00 بجے سب سینٹر پہنچ گئے۔ 9:00 بجے یہ قافلہ کٹاس اور کلر کہار کے لئے روانہ ہوا۔راستے میں وادی توبرا اور چوآ سیدن شاہ سے ہوتے ہوئے کٹاس پہنچے جہاں ہم نے ہندوؤں کے مذہبی مقام و مندر دیکھے۔ان مندروں کے بارے میں گائیڈ نے ہمیں بتایا کہ کوہستان نمک کے درمیان چکوال سے تقریباً 30 کلومیٹر کے فاصلے پر بجانب جنوب ہندوؤں کا اہم مذہبی مقام کٹاس واقع ہے۔کارنج جہلم کے پرانے نسخے میں بتایا گیا ہے کہ برہمنوں کی روایت کے مطابق جب شیو دیوتا کی بیوی ستی مرگئی اسے اتنا دکھ ہوا کہ اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی ایک لڑی جاری ہوگئی اور ان سے دو متبرک تالاب وجود میں آئے ایک پشکار (اجمیر) اور دوسرا کٹکشاں، سنسکرت میں اس کا مطلب آنسوؤں کی لڑی ہے یہی لفظ بعد میں کثرت استعمال سے کٹاس بن گیا۔وہاں گائیڈ نے ہمیں پنجابی گیت سنایا جس سے تمام طالبات اور ٹیچرز بہت لطف اندوز ہوئے اور ان کے گیت کو سراہا گیا۔سب طالبات اور ٹیچرز نے اس دورے میں بہت انجوائے کیا۔اس کے بعد قافلہ کلر کہار کے لئے روانہ ہوا کلر کہار جھیل کے قریب پارک میں ٹیچرز اور طالبات نے مل کر کھانا کھایا۔اس کے بعد تمام طالبات اور ٹیچرز جھیل پر گئے اور اور کشتی کا جھولا لینے کے بعد تمام طالبات نے گھوڑے اور اونٹ کی سواری کی پھر ہم کلر کہار کے مشہور دریا سخی باہو (مور والی سرکار) گئے۔دربار کے اندر زیارت کرنے کے بعد تمام ٹیچرز اور طلبات نے بہت سی شاپنگ کی اور اس کے بعد گھر کے لئے روانہ ہوگئے۔

اس تفریحی دورے میں سینٹر کی انچارج مسز وقار خواجہ ہمارے ساتھ تھیں اور ان کی کوشش سے اس دورے کا بندوبست ہوا تھا ہمارا یہ سفر زندگی کے یادگار سفروں میں سے ایک سفر ہے اور ہم جب بھی اسے یاد کریں گے اس سفر کی حسین یادوں کو دہرائیں گے۔ہم تمام ٹیچرز اور طالبات کی طرف سے لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی انچارج مسز ثمرین خواجہ کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔



## ونگٹن اسکول

# سالانہ جلسہ تقسیم انعامات

ونگٹن اسکول کا سالانہ جلسہ تقسیم انعامات ۲۳ دسمبر ۲۰۱۶ کو منعقد کیا گیا جس میں مہمانِ خصوصی سہیل اے خان وائس پریزیڈنٹ سوڈا ایش اینڈ پولیسٹر، ڈپٹی چیئرمین، اور اسکول کے بورڈ آف گورنرز کے ممبران نے شرکت کی۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز صبح دس بجے تلاوت قرآن پاک اور حمدِ باری تعالیٰ سے ہوا۔ میڈ مسٹریس مسز قدسیہ خالد نے معزز مہمانانِ گرامی کو خوش آمدید کیا۔ اُن کے بعد پرنسپل مرتضیٰ جمال ملک نے سکول کی سالانہ کارکردگی پر مشتمل رپورٹ پیش کی۔

سب سے پہلے پری سکول کے بچوں نے پرائمری سیکشن کے بچوں کے ساتھ مل کر ایک رنگا رنگ ٹیبلو پیش کیا جس میں ہمارے خوبصورت تہواروں: بسنت، میلوں اور عید کی بھرپور عکاسی کی گئی اور سٹیج پر قوسِ قزح کے رنگ بکھیر دیے گئے۔ اس کے بعد ایک اور ٹیبلو گیت کی صورت میں پیش کیا جس کا مقصد زمین کی حفاظت اور خوبصورتی کے لئے درختوں کی اہمیت کو اُجاگر کرنا تھا سینئر سکول کے بچوں نے مشہور انگلش ڈرامہ (The Dear Departed) پیش کیا۔ مکالموں کی ادائیگی اور اچھی اداکاری پر حاضرین نے دل کھول کر داد دی۔ اس کے بعد نہم اور دہم جماعت کے طلباء طالبات نے اُردو مزاحیہ ڈرامہ "شغل اعظم" پیش کیا۔ رنگا رنگ مغلیہ طرز کے لباس، مزاحیہ مکالموں اور بچوں کی عمدہ اداکاری نے لوگوں کو بہت محفوظ کیا۔ آخر میں مشہور ملی نغمہ "دِل دِل پاکستان، جان جان پاکستان" پیش کیا گیا۔












مہمانِ خصوصی نے بچوں کوحُسن کارکردگی پر اسناد اور انعامات سے نوازا اسکول کی ہونہار بچیوں سحر جاوید اور طوبیٰ شعیب کو میٹرک کے امتحان میں اول آنے پر گولڈ میڈل دیا گیا۔ نورالعین اور مریم خالد کونہم کے امتحان میں راولپنڈی بورڈ میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر گولڈ میڈل دیا گیا۔ اس کے بعد میٹرک کے اساتذہ کو بہترین نتائج پر اعزازی اسناد اور انعامات سے نوازا گیا۔

آخر میں مہمانِ خصوصی سہیل اے خان نے اپنی تقریر میں سکول کی کارکردگی اور منظّم طریقے سے پیش کئے گئے رنگارنگ پروگرام کی تعریف کی اور پرنسپل صاحب، اساتذہ اور والدین کو مبارکباد کا مستحق قرار دیا۔






















# بچوں اور معذوروں کے عالمی دن کی تقریبات

رپورٹ: نورین جلال الدین

بچوں اور معذوروں کا عالمی دن منانے کیلئے 28 نومبر 2016 کو اوشین مال میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اسپیشلٹی کیمیکلز کی مارکیٹنگ نے اس تقریب میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور Fevicol پروڈکٹس کی نمائندگی کی۔

اس میں گونگے بہرے بچوں کے جے ایس اسکول سے مختلف صلاحیتوں کے بچوں نے آرٹ کی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ اس تقریب کے روح رواں معروف آرٹسٹ جمی انجینئر تھے۔ ان کے ساتھ پروڈیوسر، ڈائریکٹر، ایکٹر اور موسیقار خالد انعم نے بھی شرکت کی۔ دونوں شخصیات سماجی کاموں کیلئے جوش و جذبہ رکھتی ہیں اور معاشرے کی بہتری کیلئے کام کرتی رہتی ہیں۔




بچوں کو دعوت دی گئی کہ وہ بچوں کے عالمی سال کے حوالے سے جو بھی محسوس کرتے ہیں اس پر کوئی پینٹنگ بنائیں۔ بچوں کی بنائی ہوئی ان پینٹنگز کو بعد میں فروخت کیلئے ہال میں رکھ دیا گیا تا کہ اس سے اسکول کیلئے فنڈ مہیا ہو سکے۔ پینٹنگ کے علاوہ طلبہ نے اشاروں کی زبان میں بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔




اس تقریب کے دوران میں آرٹس اور کرافٹس کی سرگرمیوں کیلئے Fevistik کے استعمال کو فروغ دیا گیا اور بچوں میں تحائف کے ساتھ Fevistiks بھی تقسیم کی گئیں۔

یہ تمام تر ایک پر لطف تقریب تھی جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی اقدار، لوگوں کے لئے جوش اور جذبہ کی نمائندگی کر رہی تھی۔

بزنس ٹیم کا ارادہ ہے کہ ہم مستقبل میں بھی اس قسم کی تقریبات کا انعقاد کریں گے۔



# وانہوا (Wanhua) کیمیکلز PPG کا افتتاحی سیمینار

رپورٹ: محمد مصطفیٰ خان

کیمیکلز بزنس کی پولی یورتھینز ٹیم نے اپنے بڑے پولی یورتھینز سپلائر وانہوا کیمیکلز چین کے اشتراک سے ایک سیمینار کا اہتمام کیا جس کا مقصد پاکستان کی پولی یورتھینز مارکیٹ میں PPG بزنس کو متعارف کروانا تھا۔ یہ تقریب یکم دسمبر 2016 کو لاہور میں منعقد ہوئی۔

پولی پراپلین گیلیکول PPG(Polypropylene Glycol) لچکدار فوم کا بنیادی عنصر ہے جو فرنیچر میں بیڈ میٹریسز اور کشن بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔ وانہوا کی جدید ترین PPG پروڈکشن کی صلاحیت کے ساتھ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اب Slabstock مارکیٹ میں داخل ہوگیا ہے، جو تیز رفتاری سے ترقی کرتے ہوئے کاروبار اور سب سے بڑے شعبوں میں سے ایک ہے جس کا مارکیٹ شیئر پاکستان کی کل P U مارکیٹ کا 40% ہے۔

اس تقریب میں ملک کے تمام بڑے فوم کے تیار کنندہ گان نے شرکت کی جن میں ماسٹر گروپ، الخیر گروپ، ڈائمنڈ انڈسٹریز، یونائیٹڈ فوم اور کینن فوم شامل ہیں۔ اس تقریب کے مشترکہ میزبانوں میں کیمیکلز بزنس کی PU ٹیم کے علاوہ واہنوا ٹیم کی نمائندگی کرمٹ ژوَ (Kermit Zou)، (سیلز منیجر، ایمر جنگ مارکیٹس، یو اے ای)، آئی وان زو (Iven Zhu)، (جنرل منیجر، ایمر جنگ مارکیٹس، یو اے ای) اور دین پنگ ژینگ (Wenping Zhang)، (ڈائریکٹر، انٹرنیشنل بزنس) شامل تھے۔ تقریب کا آغاز کرمٹ ژو کے تعارفی کلمات سے ہوا جس کے بعد وانہوا کی ٹیم نے تفصیلی کمرشل اور ٹیکنیکل پریزنٹیشن پیش کی۔ اس پریزینٹیشن کے آخر میں آئی سی آئی پاکستان کی ٹیم کی جانب سے جناب ایوب قریشی نے مقامی PU مارکیٹ اور سلیب اسٹاک مارکیٹ کا مختصر جائزہ پیش کیا اور حالیہ ملکی ترقی کی صورتحال کا ذکر کیا جو سلیب اسٹاک اور ایک بڑی PU مارکیٹ کے لئے سازگار رہے۔

پریزینٹیشن کے بعد کسٹمرز، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور وانہوا کی ٹیموں کے درمیان متوقع کاروباری مواقعوں کے بارے میں تفصیل سے تبادلہ خیال ہوا۔ یہ تقریب لوگوں کی بڑی تعداد میں شرکت کی بناء پر نہایت کامیاب رہی جس کا انعقاد عمدگی کے ساتھ کیا گیا۔ اس تقریب کی منصوبہ بندی، انتظامات اور منتظمین کے تعاون کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور دی واہنوا کی ٹیمیں مبارکباد کی مستحق ہیں۔








# کیم گیج (Chemgage)، کیمیکلز کا ایک نیا گروپ!



رپورٹ: مہوش صدیقی

طویل عرصے سے کیمیکلز بزنس کے لوگ محسوس کر رہے تھے کہ کام کے ساتھ ساتھ کسی تفریح یا دلچسپی کا موقع نہیں ملتا۔ لہٰذا بزنس کے افراد نے اس کمی کو دور کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ کیمیکلز ایچ آر نے ہر کام کے پُر جوش افراد کو اکٹھا کیا اور انہوں نے مل کر کیم گیج کے نام سے ایک ٹیم بنائی۔

کیم گیج کے دو مقاصد ہیں:

۱۔ کام کی جگہ کو دلچسپ بنانا

۲۔ اسٹاف کی مصروفیات میں اضافہ کرنا

اس آئیڈیا کا مقصد محض تفریح پر مبنی سرگرمیوں کا انعقاد کرنا نہیں ہے بلکہ کاروباری مسائل کے حل کی کوشش کرنا اور ایک بڑے ادارے کے لحاظ سے ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔ کیم گیج کے آغاز سے قبل ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جو ہالووین کے مرکزی خیال پر مبنی تھی۔ یہ تقریب 31 اکتوبر 2016 کو منعقد کی گئی اور ادارے کی سطح پر اس کا باقاعدہ افتتاح 11 نومبر 2016 کو ہوا۔ افتتاحی تقریب کا اہتمام کیم گیج ٹیم کے ممبران، صدر نعمان جعفری اور جنرل سیکرٹری مہوش صدیقی نے کیا۔ لاہور کیمیکلز کی ٹیم کو بھی وڈیو لنک کے ذریعے منسلک کیا گیا جب کہ کراچی کی ٹیم نے مین کانفرنس روم سے رابطہ قائم کیا۔ سابق ایچ آر منیجر، کیمیکلز فائزہ سیئول نے افتتاحی اجلاس کا آغاز کیا اور کیمیکلز کے عملے کو اس نئے اقدام کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس کے بعد ٹیم بلڈنگ اور iMPOWER پر عمل کی منصوبہ بندی کے بارے میں ایک کاروائی عمل میں آئی۔ اس کاروائی کی قیادت اسپیشلٹی کیمیکلز مارکیٹنگ ڈویژن کے بزنس ڈیولپمنٹ منیجر عثمان خان اور سپلائی چین ٹیم کے سیلز ایڈمن آفیسر امین زبیر عباسی نے کی۔ شرکاء کو اپنے ساتھیوں کے ساتھ کام کے دوران میں پیش آنے والے کسی ایک مسئلے کی نشاندہی کرنے اور اس کا حل تجویز کرنے کو کہا گیا۔ یہ بات بہت دلچسپ تھی کہ پورے بزنس کے افراد نے اپنے مسئلے کے حل پیش کیے۔ یہ ایک آئیڈیل پلیٹ فارم تھا جہاں کوئی بھی شخص اپنی بات وہاں موجود لیڈر شپ کے سامنے بیان کر سکتا تھا اور اس کا ممکنہ حل بھی پیش کر سکتا تھا۔ چنانچہ اس کے اختتام پر ٹیم میں بڑا جوش اور ولولہ دیکھا گیا اور تمام افراد مستقبل کے بارے میں بہت پرامید تھے۔




## منیکوئن چیلنج

رپورٹ: عائشہ ندیم

منیکوئن چیلنج آج کل ایک فیشن بن گیا ہے، ایتھلیٹ سے لے کر سیاست دانوں تک اور بڑی نامور شخصیات اس چیلنج کو اپنے اپنے انداز میں پیش کر رہی ہیں۔ اور بالکل ہیلری کلنٹن کی طرح، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ مزنگ آفس لاہور نے اس چیلنج کو اپنے انداز میں پیش کرنے کا فیصلہ کیا۔

سو سے زیادہ افراد کے عملے نے کچھ دیر سب کام چھوڑ کر اور ساکت ہو کر مزنگ آفس لاہور میں اس چیلنج کو حقیقت کے روپ میں پیش کیا۔ یہ ایک بہت عمدہ نظارہ تھا۔

اس سرگرمی میں مختلف شعبوں اور کاروبار کے افراد کو ایک دوسرے سے تبادلہ خیال کا موقع بھی ملا۔ یہ سرگرمی نہ صرف سب کے لئے بہت پرلطف رہی بلکہ آپس میں میل جول کا بھی ذریعہ بنی۔

## GC/PU کی سیلز ٹیم کیلئے معلومات کے تجزیے کی تربیت

رپورٹ: محمد مصطفیٰ خان

ہمارے کیمیکلز بزنس کی GC/PU مارکیٹ ریسرچ ٹیم، سیلز ٹیم کی صلاحیت کو بہتر سے بہتر بنانے کی ضرورت پر یقین رکھتی ہے چاہے وہ سیلز کے طریقہء کار کو زیادہ مستعد بنانے کیلئے صحیح CRM سے لیس کرنا ہو یا اس کی معلومات کے تجزیئے اور تحقیق کی صلاحیت کو آگے پہنچانا ہو۔ معلومات کی چھان پھٹک اور اس تجزیئے کو ناکافی سمجھتے ہوئے مارکیٹ ریسرچ ٹیم نے سیلز ٹیم کیلئے MS Excel کی تربیت کے اہتمام کا فیصلہ کیا۔

اس تربیت کا انعقاد جمعہ 25 نومبر 2016 کو کیا گیا اور سیلز کی ٹیم کو Pivot ٹیبل، چارٹس اور ڈیٹا بیس ڈیولپمنٹ کے ذریعہ معلومات کا اکٹھا کرنے، اور تجزیہ کرنے کے طریقہء کار سے آگہی دی گئی۔ اس تربیت سے سیلز ٹیم کو بہتر رپورٹ تیار کرنے، صارفین اور مسابقتی اداروں پر موثر تحقیق کرنے میں مدد ملے گی اور اس کے ساتھ ساتھ بطور سیلز پرسن۔ اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کا موقع ملے گا۔

## چھو لے آسماں

# کیمیکلز بزنس کی سالانہ بزنس کانفرنس 2016

رپورٹ: مہوش صدیقی






کیمیکلز بزنس کی جانب سے ستمبر کے مہینے میں سنگاپور میں پہلی بار ایک پرلطف تقریب منعقد کی گئی جسے سال کی بہترین تقریب کہا جا سکتا ہے یہ تھی بزنس کی سالانہ کانفرنس برائے 2015-16 اسکے لطف کا آغاز پہلے دن سے ہی ہو گیا جب کیمیکلز بزنس کی تمام ٹیم جمعرات 22 ستمبر 2016 کو سنگاپور پہنچی اور اسی دن سب لوگ سنگاپور کی سیر کو نکل گئے دن کے اختتام پر ایشیا کے سب سے بڑے آبزرویشن وہیل، سنگاپور فلائر کے ذریعے پورے شہر کا نظارہ کیا جو کہ بہت ہی دلکش تھا۔ اگلا دن کانفرنس کے باقاعدہ آغاز کا دن تھا جس کیلئے سب پرجوش نظر آرہے تھے۔





جمعہ 23 ستمبر کو کانفرنس کا آغاز چیف ایگزیکیوٹو آصف جمعہ کے افتتاحی کلمات سے ہوا۔ انہوں نے بزنس ٹیم کی کارکردگی پر مبارک باد دی اور امید ظاہر کی کہ بزنس کی کامیابی کا سفر اسی طرح جاری و ساری رہے گا۔ ارشد الدین احمد، جنرل منیجر کیمیکلز بزنس اسٹیج پر تشریف لائے اور انہوں نے 2020 وژن کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے بزنس ٹیم کی صلاحیتوں کا اعتراف کیا کہ جن کی بناء پر بزنس نے 2015-16 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور اپنی ٹیم کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ وہ کاروباری دنیا کے اُفق کے نئے مناظر تلاش کریں اور ایک نئی تاریخ رقم کریں۔ بعدازاں ماسٹر ٹریز راحت سامی نے شرکاء سے ولولہ انگیز خطاب کیا۔ انکے خطاب سے حاضرین میں بھی ایک نیا جوش اور جذبہ پیدا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ کام کرنے کا ہر فرد کا اپنا ایک انداز ہوتا ہے اور اسکے ذاتی اور پیشہ ورانہ اہداف ہوتے ہیں اگر سب اپنے اپنے اہداف کے حصول کیلئے مل کر کوشش کریں تو یقیناً وہ خود بھی کامیاب ہونگے اور اپنے ادارے کو ایک شاندار ترقی کی جانب لے جاسکتے ہیں۔












پروگرام کے مطابق رات کو سب کیلئے ایک پرتکلف عشائیہ اور تفریح کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اس کا آغاز شام 7:30 بجے ہوا اور اس میں سب سے پہلے کیمیکلز پلانٹ کی ٹیم نے دلچسپ خاکے پیش کئے ۔ اس کے بعد تقریب کے میزبان احمد علی بٹ نے مائیک سنبھالا۔ وہ ایک زندہ دل شخصیت کے مالک ہیں اور انہوں نے ہر ایک کے ساتھ دلچسپ جملوں کا تبادلہ کیا جس سے سب ہی بہت محظوظ ہوئے۔ اس رات کا نہایت یادگار پروگرام، میوزک کا پروگرام تھا جو رات گئے تک جاری رہا۔





اگلے روز کیمیکلز کی ٹیم نے یونیورسل اسٹوڈیو کا رخ کیا اور وہاں زبردست فلموں اور ٹیلی وژن سیریز پر مبنی ایکشن اور تفریح سے بھرپور رائیڈز اور شوز سے خوب لطف اندوز ہوئے اتوار 25 ستمبر کو ٹیم ایک نئی توانائی کے ساتھ واپس پہنچی۔





# سوڈا ایش کے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل



رپورٹ: ملک محمد امیر



ہمارے سوڈا ایش پلانٹ پر ڈینس ایش، ریفائنڈ سوڈیم بائی کاربونیٹ اور متبادل توانائی کے توسیعی اور ترقیاتی منصوبوں کے پراجیکٹس کی کامیاب تکمیل پر مبارکباد کے سلسلے میں ایک شاندار تقریب ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محمد عمر مشتاق ورکس منیجر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ تھے۔ تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس، پراجیکٹ منیجرز، آفیسرز، سی بی اے یونین، ایمپلائز کی فیملیز اور بچوں نے اس تقریب میں بھرپور شرکت کی۔ پنڈال کو بہت ہی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔





پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ رسول مقبول ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ نعت بھی پیش کیا گیا۔ اس موقع پر یونین کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل نے خطاب کرتے ہوئے ادارے کی ترقی پر کمپنی انتظامیہ اور مالکان کو مبارکباد پیش کی اور بزنس کے استحکام اور پیداری کے لئے کمپنی انتظامیہ سے قدم سے قدم ملا کر چلنے کے عزم کا اظہار کیا۔









محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس نے تمام ایمپلائز کو پلانٹ کی کارکردگی برائے سال 2015-16ء کے بارے میں آگاہ کیا اور ڈینش ایش، ریفائنڈ سوڈیم بائی کاربونیٹ اور متبادل توانائی کے منصوبوں کی کامیاب تکمیل پر مبارکباد دی۔ انہوں نے پلانٹ پر محفوظ کام کے حوالے سے سیفٹی کے اصول وضوابط پر سختی سے عمل کرنے پر زور دیا اور ہفتہ سیفٹی کے انعقاد کا اعلان بھی کیا تا کہ ہم سب سیفٹی کے حوالے سے اپنے عزم کا اعادہ کرسکیں۔ آپ نے ایمپلائز کی توجہ اپنے بچوں کی بہترین تعلیم و تربیت کی طرف بھی مبذول کروائی تا کہ ہماری آنے والی نسل وطن عزیز کی ایک ذمہ دار اور مفید شہری بن سکے۔





اس موقع پر محمد عمر مشتاق نے سوڈا ایش کے تمام اسٹاف کو لائٹ ایش کے توسیعی منصوبہ کی شروعات کے حوالے سے بھی آگاہ کیا۔ آپ نے تمام ایمپلائیز کا اس شاندار تقریب ضیافت میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا اور اس تقریب کے انعقاد کے لئے کام کرنے والی ٹیم کو شاباشی دی۔

بعد ازاں تمام ایمپلائیز نے کھانا کھایا اور یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔





# ریٹائرمنٹ پارٹی

رپورٹ: ملک محمد امیر

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی خوبصورت روایتوں میں ایک روایت اپنے اسٹاف کو نہایت عزت و احترام سے اس کی ریٹائرمنٹ کے وقت الوداع کہنا ہے ۔ اس روایت کا آغاز ہمارے سوڈا ایش پلانٹ کھیوڑہ پر 1950ء میں شروع اور بلا تعطل جاری ہے۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو صرف کھیوڑہ میں اب تک اس قسم کی 67 تقریبات ہو چکی ہیں اس کے علاوہ کمپنی کے ہر بزنس اور لوکیشن پر یہ تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ اسی روایت کے مدِ نظر اس سال دِسمبر میں سوڈا ایش کھیوڑہ میں ان ساتھیوں کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا جو 30 دِسمبر 2016ء کو اپنی مدِت ملازمت پوری کر کے ریٹائر ہو رہے تھے۔ اس تقریب کی خاص بات یہ تھی کہ ریٹائر ہونے والوں کے ساتھ آئے ہوئے مہمانوں اور جو پچھلے سالوں میں ریٹائرڈ ہوئے اُن تمام لوگوں نے شرکت کی۔ اس تقریب کے اسٹیج سیکریٹری کے فرائض راجہ راغب حسین سینئر آئی آر آفیسر نے انجام دیئے۔ تقریب کے مہمان خصوصی محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش تھے۔ ان کے علاوہ ایچ آر منیجر رضوان عزیز، آئی آر منیجر سلیم احمد صدیقی، ٹیکنیکل منیجر توفیق چیمہ ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ، منیجر صاحبان آفیسر اور یونین کے عہدیداروں و یونین کی ذیلی کمیٹیاں، بشمول کینٹین کمیٹی، کلب کمیٹی، ورکس کونسل اور اسٹیٹ کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی۔

راجہ راغب حسین نے تمام معزز مہمانوں کو خوش آمدید کیا اور تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کرایا۔ اسکے بعد انھوں نے بتایا کہ یہ کمپنی کا 67 واں ریٹائرمنٹ کا فنکشن ہے۔ سب سے پہلے 1950 میں سوڈا ایش میں ایک کارکن ریٹائرڈ ہوئے اس وقت سے لیکر آج یعنی 30 دسمبر 2016 تک 601 ورکرز ریٹائر ہو چکے ہیں۔ 1993 میں سب سے بڑی ریٹائرمنٹ تھی۔ جس میں 35 کارکن ریٹائر ہوئے اس سال 10 ورکر اور 4 مینجمنٹ کے اسٹاف ریٹائر ہوئے ہیں ریٹائر ہونے والوں میں فنانس سے چوہدری محمد جمیل جنھوں نے 41 سال 10 ماہ، پروڈکشن سے مدن









لال جنھوں نے 41 سال 10 ماہ، پروڈکشن سے روشن گل 40 سال 9 ماہ، فنانس سے چوہدری امام دین 37 سال 10 ماہ، پروڈکشن سے صابر حسین 35 سال، انجینئرنگ سے محمد فاروق منہاس 31 سال 9 ماہ، ملک قمر عجائب 31 سال 9 ماہ، ٹیکنیکل سے مقبول حسین 30 سال 6 ماہ، پروڈکشن سے محمد رفیق 24 سال 3 ماہ مینجمنٹ اسٹاف سے چوہدری منظور احمد بوائلر انجینئر، چوہدری محمد امیر انجیئر نگ الیکٹریکل سے 30 سال، شبیر احمد ملک انجیئر نگ الیکٹریکل سے 22 سال اور HR سے خالد ملک سیکورٹی آفیسر نے 29 سال سوڈا ایش میں گزارے۔ ان تمام لوگوں نے ایک لمبا عرصہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی خدمت کی۔

اپنی جوانی کا خوبصورت حصہ سوڈا ایش کو اس مقام تک پہنچانے میں لگایا۔ اس سے پہلے ریٹائر ہونے والے 601 ورکرز میں سے آج بھی 410 ورکرز حیات ہیں ہم ان کے لئے دعا گو ہیں وہ جہاں بھی ہیں اللہ تعالیٰ اُن کو صحت دے جہاں بھی رہیں خوش و خرم رہیں۔ انہوں نے ایک ایسا خوبصورت پودا لگایا جسکی خود بھی حفاظت کی اسکو پروان چڑھایا اور نئے آنے والوں کو بھی یہی سبق دیا کہ اسکی حفاظت کرنی ہے اور اسکو پروان چڑھانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا تاکہ آنے والی ہماری نسلیں اسکے پھل سے مستفید ہوتی رہیں۔ اللہ تعالیٰ اس ادارے کی حفاظت کرے اور ترقی دے۔ (آمین)







































ایمپلائز یونین کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل نے اپنے خطاب میں تمام آنے والوں معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جنھوں نے یہاں آکر ہماری حوصلہ افزائی کی۔انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس تقریب کا اہتمام کیا اور ساتھ اپنے خطاب میں یہ بھی کہا کہ آئندہ جب بھی بھرتی ہو تو ریٹائر ہونے والے ورکرز کے بچوں کو پہلے کی طرح بھرتی کیا جائے۔اس سے علاقے کے جو بچے معیار پر اتریں اُن کو ضرور موقع فراہم کریں۔اس علاقے میں بھی خوشحالی آئے گی اور اس ادارے کے لئے بھی بہتر ہوگا۔ان کے بعد تقریب کے مہمانِ خصوصی محمد عمر مشتاق نے اپنے خطاب میں ریٹائر ہونے والے تمام لوگوں کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔انکی سروس کے بارے میں بتایا اور ساتھ یہ بھی کہا کہ ایک طرف ان کے جانے کا بھی دکھ ہے کہ ہم سے جدا ہو رہے ہیں اور خوشی اس بات کی ہے کہ آج اپنی زندگی کے ایک نئے دور میں قدم رکھ رہے ہیں۔یہ قانون قدرت بھی ہے جو اس دنیا میں آیا ہے اسے ایک دن اس دنیا کو بھی چھوڑ دینا ہے۔اسی طرح جو بھی کسی ادارے میں ملازمت کرتا ہے اُسے بھی ایک دن اپنی ملازمت کو چھوڑ کر ریٹائر ہونا ہوتا ہے۔ہمارے خوبصورت دوست ہم سے جدا ہو رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کو صحت دے۔اس کے بعد راجہ راغب صاحب نے تمام معزز مہمانوں کو چائے کی دعوت دی موسم بھی تھوڑا ٹھنڈا تھا۔تمام لوگ ایک دوسرے سے ملے اور خوشی کا اظہار کیا۔نئے نئے منیجرز سے ملاقاتیں کرائیں گئیں اور پرانے ورکرز کے بارے میں بتایا گیا۔اور پرانی یادیں تازہ کیں۔ایک دوسرے کو گلے ملے ساتھ ساتھ گرم گرم چائے پی۔








سوڈا ایش

# ایمپلائیز یونین کی طرف سے الوداع

رپورٹ: ملک محمد امیر

سوڈا ایش کی ایمپلائز یونین کی طرف سے اپنے ریٹائر ہونے والے ورکرز ساتھیوں کے اعزاز میں ایک علیحدہ تقریب ویلفیئر ہال میں منعقد کی گئی۔جس میں مینجمنٹ اسٹاف، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اور تمام ورکرز کو شرکت کی دعوت دی گئی۔اس تقریب کے مہمانِ خصوصی محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش تھے۔اسٹیج پر سیکریٹری کے فرائض محمد صغیر بٹ نے انجام دیئے۔تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔اُسکے بعد پیارے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شان میں خوبصورت نعت پڑھی گئی۔جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل نے اپنے خطاب میں محمد عمر مشتاق ورکس منیجر رضوان عزیز صاحب، سلیم احمد صدیقی اور تمام معزز مہمانوں کو خوش آمدید کیا۔ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کے بارے میں کہا کہ انھوں نے اپنی زندگی کا خوبصورت حصہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کو دیا۔اور دن رات محنت کی یہ ہم سے جدا ہو رہے ہیں انکے بچھڑنے کا غم اپنی جگہ لیکن دوسری طرف یہ بھی خوشی ہے کہ یہ اپنی سروس مکمل کر کے جا رہے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا نہایت افسوس ہے کہ آج ہمارا ایک ساتھی ملک غلام حسین اپنے اچانک انتقال کر جانے کی وجہ سے ان لوگوں میں موجود نہیں ہے۔اللہ تعالیٰ اسکو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔آمین

ملک محمد عجائب عمرہ کی سعادت حاصل کرنے گئے ہوئے ہیں۔وہ بھی 31 دسمبر کو ریٹائر ہو رہے ہیں وہ یونین کے صدر بھی رہے ہیں اور ہر لمحہ اپنے ادارے اور ورکرز کی بہتری کے لئے کوشاں رہے ہیں۔ہم ان کی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

تمام لوگ اپنے ریٹائیر ہونے والے ساتھیوں کیلئے دعا گو ہیں یہ جہاں بھی رہیں خوش و خرم رہیں۔اللہ تعالیٰ ان کو صحت دے (آمین)

تقریب کے مہمانِ خصوصی محمد عمر مشتاق نے ریٹائر ہونے والے لوگوں کے بارے میں بڑی تفصیل سے آگاہ کیا۔انکی خدمات کو سراہا انکی صحت کے بارے میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔آمین

آخر میں تمام مہمانوں کے لئے ریفریشمنٹ کا بندوبست تھا۔محمد عمر مشتاق ورکروں میں گھل مل گئے۔خوب گپ شپ چلی۔ریٹائر ہونے والے لوگوں کو مبارکباد دی جنہوں نے ایک طویل عرصہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں گزارا آخر میں تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا گیا۔











# کوآپریٹیو اسٹور اور الکلی اسپورٹس کلب کے انتخابات

رپورٹ: ملک محمد امیر



ایمپلائز یونین کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل نے ورکر کا اجلاس بلا کر رائے لی کہ ورکس کینٹن کمیٹی، کوآپریٹیو اسٹور کمیٹی اور الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی تینوں کمیٹیاں اپنا اپنا عرصہ پورا کر چکی ہیں۔اسلئے ان تینوں کمیٹیوں کے الیکشن کرائے جائیں یہ جمہوری عمل ہے اسکو جاری رہنا چاہیئے۔ورکر اجلاس میں یونین نے ایک کمیشن تشکیل دیا۔جس میں چیف الیکشن کمیشن راجہ محمد نعیم معاون ممبر ملک محمد امیر اور محمد آصف کھوکھر کو یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ ان تینوں کمیٹیوں کے الیکشن کرائے ۔کوآپریٹو سٹور کے ممبران کی تعداد 263 تھی۔اس الیکشن میں صرف ممبران ہی ووٹ ڈال سکتے ہیں۔امیدواران کی فائنل لسٹ ٹائم آفس نوٹس بورڈ پر لگا دی گئی یہ کمیٹی ایک سیکریٹری اور 5 ممبران پر مشتمل ہوتی ہے۔22 دسمبر کو الیکشن کرانے کی تاریخ مقرر کی گئی۔الیکشن میں دو گروپ نے حصہ لیا۔ایک ملک قمر حسین کا جنکا انتخابی نشان چھتری تھا اور دوسرا گروپ محبوب عنائیت جنکا انتخابی نشان چاند تھا۔10 ممبران میں سے 5 ممبران اور 1 سیکریٹری کا چناؤ کرنا تھا۔سیکریٹری کی سیٹ کا مقابلہ بہت سخت اور کلوز تھا۔ملک قمر حسین نے 122 ووٹ لیئے جبکہ محبوب عنائیت نے 121 ووٹ حاصل کیئے۔سیکریٹری کی سیٹ ملک قمر حسین نے ایک ووٹ سے جیت لی۔ممبران میں بھی ملک قمر حسین کے امیدوار منتخب ہو گئے۔انکا پورا پینل ہی جیت گیا۔

22 دسمبر کو الکلی اسپورٹس کلب میں الیکشن کرایا گیا جو صبح 7:30 بجے شروع ہوا شام 6 بجے تک ووٹ ڈالنے کا ٹائم تھا۔سارا دن امیدوار اپنے اپنے ووٹر کو ووٹ ڈلوانے کے لئے لے کر آرہے تھے اور اپنے اپنے گروپ کو ووٹ ڈلواتے رہے۔شام 8 بجے الیکشن کمیشن نے پولنگ ایجنٹ کی موجودگی میں تمام لوگوں کو رزلٹ سنایا گیا۔جیتنے والے ممبران کو دوستوں نے مبارکباد دی اور خوشی کا اظہار کیا۔

جیتنے والی ٹیم میں سیکریٹری ملک قمر حسین ممبران میں چوہدری خورشید احمد زبیر حنیف، شفیق صدیقی، حافظ محمد شریف اور محمد عرفان شامل تھے۔ہم ان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔












# آل پنجاب چیلنج ہاکی ٹورنامنٹ، کھیوڑہ

رپورٹ: ملک محمد امیر




الکلی سپورٹس کلب ہاکی گراؤنڈ پر آل پنجاب چیلنج ہاکی ٹورنامنٹ کھیوڑہ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈائمنڈ ہاکی کلب کھیوڑہ اور الکلی سپورٹس کلب کی انتظامیہ نے مِل کر اس ٹورنامنٹ کو آرگنائیز کیا۔ جسکا افتتاحی میچ 22 نومبر 2016ء کو راولپنڈی اور خوشاب کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ اِس ٹورنامنٹ میں 16 ٹیموں نے حصہ لیا۔ جس میں سرگودھا، خوشاب، چنیوٹ، منڈی بہاؤالدین، جہلم ،چکوال، راولپنڈی، کالسی گجر خان، اِسلام آباد، پنڈ دادن اور کھیوڑہ کی ٹیموں نے شرکت کی۔ اِن ٹیموں میں پاکستان ٹیم کے انٹر نیشنل کھلاڑی سمیت، پاک آرمی ، پی آئی اے ، پاکستان ریلوے، واپڈا، پولیس کے کھلاڑیوں نے شرکت کی اور عمدہ کھیل کھیل کر تماشائیوں سے داد وصول کی۔ سرگودھا ٹیم کی طرف سے اولمپئین شبیر احمد، عامر شہزاد محسن بلال ، چکوال ٹیم کی طرف سے مدثر علی خان انٹرنیشنل کھلاڑی نے ٹورنامنٹ میں شرکت کی۔

اِس ٹورنامنٹ کو کامیاب بنانے کے لیے کھیوڑہ ہاکی کے سینئر کھلاڑیوں نے بھرپور مدد کی۔ جس میں ملک شاہین، غازی کمال ، ملک شاہد اکبر، ملک صغیر حسین ،تصور اقبال، چوہدری راحت عثمان، خرم شہزاد اِن کے علاوہ الکلی سپورٹس کلب کی انتظامیہ کی جانب سے طاہر عباس وائس پریزیڈنٹ، محمد ایوب اور ملک محمد امیر نے ٹورنامنٹ کمیٹی کی بھر پور مدد کی۔ اس ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 4 دسمبر بروز اتوار کو کھیلا گیا۔ فائنل میچ سرگودھا کی دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ جو عادل علی ہاکی کلب نے 5-2 گول سے جیت لیا۔ اور ٹرافی اپنے نام کرلی۔ فائنل میچ اور تقریب تقسیم انعامات کے مہمانِ خصوصی محمد توفیق چیمہ ٹیکنیکل منیجر سوڈا ایش تھے۔ فائنل میچ دیکھنے ڈاکٹر محمد راشد خان بھی محمد توفیق چیمہ کے ہمراہ تشریف لائے۔ ڈاکٹر محمد راشد خان نے اعلان کرایا کہ جو بھی کھلاڑی پہلا گول کرے گا۔ اسکو -/2000 روپے نقد انعام میری طرف سے دیا جائے گا۔ سرگودھا عامر علی کلب کی طرف سے پہلا گول شبیر احمد نے کیا اور ڈاکٹر صاحب سے -/2000 روپے نقد وصول کیے۔ ڈاکٹر صاحب نے تمام میچ کے دوران خوب داد دی اور حوصلہ افزائی کی۔ الکلی سپورٹس کلب انتظامیہ کے طرف سے دونوں ٹیموں کے انفرادی انعام، ونر ٹرافی اور رنر اَپ ٹیم کی ٹرافی اس کے علاوہ اضافی شیلڈ اور انعامات دیئے گئے۔

FBR اِسلام آباد اور ملک عرفان اعجاز نے پچاس، پچاس ہزار روپے ٹورنامنٹ کمیٹی کو دیئے۔ ٹورنامنٹ کمیٹی کے سیکریڑی ملک محمد امیر نے اپنی تقریر میں تمام معزز مہمانوں ، مہمانِ خصوصی محمد توفیق چیمہ شائقین کھلاڑیوں اور ہاکی کے مداحوں کو الکلی سپورٹس کلب ہاکی گراؤنڈ پر تشریف لانے پر دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا۔ انھوں نے کہا کہ تحصیل بھر میں اس علاقے کے پسندیدہ کھیلوں کو ختم کیا جا رہا ہے۔ پنڈ دادن خان سے کبڈی ختم ، کھیوڑہ سے ہاکی ختم، سالٹ مائنز سے والی بال ختم ہوتی جا رہی ہے۔ کھیلوں کی خاص کر ہاکی کی سرپرستی کے لئے آس پاس کی انڈسٹریز





سوڈا ایش

کی مینجمنٹ کو کہا کہ آپ لوگ آگے آئیں اور کھیلوں کی سر پرستی کریں۔ علاقے بھر میں گراؤنڈ کی کمی ہے جو ہیں وہ بھی کھیلنے کے قابل نہیں رہے توجہ کی ضرورت ہے آخر میں انھوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی انتظامیہ ورکس منیجر محمد عمر مشتاق ایچ آر منیجر رضوان عزیز آئی آر منیجر سلیم احمد صدیقی۔ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کے سعید اقبال خالد ملک سیکیورٹی آفیسر اور خصوصاً جناب طاہر عباس صاحب وائس پریزیڈنٹ الکلی سپورٹس کلب اور کلب کمیٹی کا شکریہ ادا کیا جنھوں نے اس ٹورنامنٹ کو کامیاب کرانے میں ہماری مدد اور حوصلہ افزائی کی۔ تمام مہمانوں کے لئے ریفریشمنٹ کا انتظام کیا گیا تھا۔ مہمانِ خصوصی محمد توفیق چیمہ کھلاڑیوں میں گھل مل گئے۔

انہوں نے کھلاڑیوں کو مبارک باد دی اور ٹورنامنٹ کمیٹی کو کہا کہ آپ نے ایک خوبصورت ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا اور خوبصورت انعامات دیئے۔ ایسے ٹورنامنٹ آئندہ بھی آپ لوگ منعقد کریں سوڈا ایش کی انتظامیہ اپنا حصہ ضرور ڈالے گی۔ آپ کو بہت بہت مبارک۔







# بلڈ پریشر سے آگاہی

ورکس منیجر محمد عمر مشتاق کی ہدایت کے مطابق صحت سے متعلق ایک آگاہی تربیتی نشت باعنوان بلند فشار خون منعقد کیا گیا اور ہمارے ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ نے ڈاکٹر راشد خان کے ساتھ مل کر اس کا انعقاد ٹریننگ سینٹر میں کیا۔ بلند فشارِ خون ایک ایسی بیماری ہے جو دنیا بھر میں بہت تیزی سے پھیل رہی ہے۔ اس بیماری کا سب سے افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ اکثر لوگوں کو اس کے بارے میں معلوم ہی نہیں ہوتا کہ ان کی طبیعت میں جو تبدیلی محسوس ہو رہی ہے اس کی وجہ بلڈ پریشر میں کمی یا زیادتی ہے۔ اس بیماری کا سب سے اہم اثر دل پر پڑتا ہے اس سیشن میں ڈاکٹر راشد نے تمام ملازمین کو اس کے بارے میں مکمل آگاہی دی اور ویڈیوز کلپ کے ذریعے بھی روشنی ڈالی۔ انھوں نے ورکرز کی سالانہ صحت کی کارکردگی رپورٹ کے بارے میں بھی شرکاء کو بتایا اور ان کو اس بات کی ہدایت کی کہ اچھی غذا، ورزش اور سگریٹ نوشی سے پرہیز کی وجہ سے اس بیماری سے بچا جا سکتا ہے اس نشت کے آخر میں سیفٹی منیجر سعید اقبال اور ورکس منیجر محمد مشتاق نے اس موضوع پر اپنا پیغام دیا کہ اس آگاہی سیشن کے بارے میں اپنی فیملیز کو آگاہ کریں اور صحت منداور توانا رہنے کی بھرپور کوشش کریں۔ کیونکہ زندگی کی خوشیاں صحت کے ساتھ ہی اچھی لگتی ہیں۔






# رویوں کی بنیاد پر سیفٹی ٹریننگ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش میں تمام اسٹاف کی جانب سے سیفٹی پر توجہ دی جاتی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ کنٹریکٹر حضرات کی سیفٹی پر بھی بہت توجہ دی جاتی ہے۔سیفٹی ڈیپارٹمنٹ ہر ماہ دو سے تین سیشنز کنٹریکٹرز حضرات کیلئے منعقد کرتا ہے۔اس ماہ بھی تمام کنٹریکٹر اسٹاف کے لئے رویوں کی بنیاد (BBS) پر ٹریننگ سیشن کا اہتمام کیا گیا۔جس میں سیفٹی منیجر سعید اقبال اور ٹریننگ آفیسر راجہ غلام اکبر نے بطور ٹریز شرکت کی اور اس سیشن کے بارے میں ملازمین کو آگاہی دی۔انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم رویوں سے سیفٹی کے اصولوں کو اپنا سکتے ہیں ۔اور اگر کام کرنے والے کا رویہ محتاط ہو تو ہم حادثات سے ممکنہ طور پر بچ سکتے ہیں اور ہم یہی سیفٹی اصول اپنی ذاتی زندگی میں بھی اپنا کر اپنے اہل وعیال کے ساتھ خوش وخرم زندگی گزار سکتے ہیں۔





# محفوظ طرزِ عمل۔ پلانٹ راؤنڈ

کسی بھی پلانٹ پر خود احتسابی کے ساتھ ساتھ مسلسل انسپیکشنز اور سسٹم کو پرکھنے کا عمل ممکنہ حادثات کو کم سے کم کرنے کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ پلانٹ پر رویوں میں بہتری کے کلچر کو فروغ دینے کے لئے رفقائے کار سے ہم آہنگی اہم کردار ادا کرتی ہے اس سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کی منیجمنٹ BBS راؤنڈ کرتی رہتی ہے اس مشن کو مزید تقویت دینے کے لئے ورکس منیجر عمر مشتاق اور ٹیکنیکل منیجر توفیق چیمہ اور سیفٹی منیجر سعید اقبال نے نئے سوڈا ایش ایکسپینشنر پروجیکٹ پر BBS راؤنڈ کیا۔اس راؤنڈ میں ورکس منیجر نے پروجیکٹ ایریا میں غیر محفوظ طرزِ عمل اور صورت حال کی نشاندہی کرتے ہوئے ان میں بہتری لانے پر زور دیا۔دوسرے مرحلے میں پروجیکٹ سیفٹی منیجر نوید احمد اور بزنس سیفٹی منیجر سعید اقبال نے بھی نئے سوڈا ایش پروجیکٹ کا راؤنڈ کیا اس راؤنڈ میں انہوں نے پروجیکٹ اسٹاف کے کام کے دوران طرزِ عمل کو خاص طور سے نوٹ کیا۔دونوں سیفٹی منیجرز نے پروجیکٹ سٹاف کو اس بات سے آگاہی دی کہ ہم نے غیر محفوظ عمل اور غیر محفوظ صورت حال کی نشاندہی کرنی ہے اور اپنی اور دوسروں کی سیفٹی کا خیال رکھنا ہے۔پروجیکٹ ایریا کے ورکرز نے ان BBS راؤنڈ کو بے حد سراہا۔







# تربیتی نشست برائے محتاط ڈرائیونگ

سیفٹی منیجر سعید اقبال اور ٹریننگ آفیسر راجہ غلام اکبر نے روڈ سیفٹی اور محتاط ڈرائیونگ پر ایک تربیتی نشست اہتمام ٹریننگ سینٹر میں کیا جس میں خصوصی طور پر موٹروے پولیس کے لیڈ ٹرینر محمد آصف کو بلوایا گیا اس تربیتی نشست میں تمام رفقائے کار ورکس، پروجیکٹ اسٹاف نے شرکت کی۔ تربیتی نشست کے ٹرینر محمد آصف نے ہینڈ بل، وڈیو کلپ اور اعداد شمار کے ذریعے حادثات کی بین الاقوامی اور ملکی شرح کے بارے میں بتایا اور حادثات کے بعد کی صورت حال سے نمٹنے کے بارے میں آگاہی دی۔ محمد آصف نے نشست کے شرکاء کو محفوظ ڈرائیونگ کے ٹیکنیکل اصولوں کے بارے میں بھی آگاہی دی۔ اور آخر میں تمام شرکاء کو اس تربیتی نشتست کے متعلق سوالات کا موقع بھی دیا گیا۔ نشست کے اختتام پر سیفٹی منیجر نے موٹروے پولیس آفیسر محمد آصف کا رکمپنی کی طرف سے شکریہ ادکیا اور رفقائے کارکو ان ہدایات پر عمل کرنے کی تلقین کی۔






# فائر فائیٹنگ اور ایمر جنسی کی سیکیورٹی اسٹاف کیلئے تربیتی نشست



حادثات سے بچا جا سکتا ہے اگر متعلقہ افراد کو کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نبرد آزما ہونے کی معقول تربیت دی گئی ہو اس سلسلے میں ہمارے سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے فائر فائٹنگ اور ایمر جنسی کے متعلق ایک تربیتی نشست کا اہتمام کیا جس میں تمام سیکیورٹی اسٹاف اور سیکیورٹی آفیسر وجاہت علی نے بھی حصہ لیا۔ اس تربیتی نشست میں تمام شرکاء کو آگ کی اقسام، آگ کو بجھانے کے طریقے اور ہنگامی صورت حال میں فوری اور صحیح ردِ عمل کے بارے میں بتایا گیا اس تربیتی نشست کے ٹرینر راجہ غلام اکبر اور سیفٹی منیجر سعید اقبال تھے۔ تمام شرکا کا رنے اس نشست میں بھر پور دلچسپی سے حصہ لیا۔

# تعارف

رپورٹ: ملک محمد امیر


## تیسری نسل کمپنی کی خدمت میں پیش پیش

مرزا ناظم حسین کھیوڑہ گاؤں میں پیدا ہوئے۔ کھیوڑہ گاؤں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش پلانٹ سے مشرق کی طرف 12 کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ کوہستان نمک اور وٹلی کے خوبصورت پہاڑی سلسلہ میں ایک خوبصورت وادی میں یہ گاؤں ہے۔ مرزا ناظم حسین کے دادا مرزا شیر محمد انگریز دور میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں بھرتی ہوئے۔ (وٹلی گاؤں جہاں سے سوڈا ایش کے لئے پانی کی پائپ لائن ڈالی گئی)۔ وٹلی گاؤں میں پانی کا ایک بہت بڑا چشمہ ہے وہ اُس لائین کی دیکھ بھال اور مرمت کے لئے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے رہے۔ انھوں نے عرصہ 30 سال سوڈا ایش کی خدمت کی اور 1986 میں ریٹائر ہوئے۔ مرزا ناظم حسین کے والد مرزا مقبول حسین نے بھی آئی سی آئی کی ایک لمبا عرصہ خدمت کی اور لیب چارج ہینڈ کے عہدے سے 31 دسمبر 2016 کو ریٹائر ہوئے ہیں۔

مرزا ناظم حسین



مرزا مقبول حسین (والد)




مرزا شیر محمد (دادا)



مرزا ناظم حسین نے ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں کھیوڑہ سے حاصل کی اور میٹرک گورنمنٹ ہائی اسکول کھیوڑہ سے کیا۔ میٹرک کے بعد سرگودھا پولی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ سے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر الیکٹریکل ٹیکنالوجی میں کیا۔ اسکے بعد عرصہ تین سال آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش میں اپرنٹس شپ کا کورس الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹ میں مکمل کیا۔ اپرنٹس شپ مکمل ہونے پر تین سال الیکٹریکل سکشن میں عارضی ورکر کے طور پر کام کرتے رہے۔

اس دوران پرسٹن یونیورسٹی اسلام آباد سے (B-Tech) کا امتحان پاس کیا۔ ان کی محنت اور لگن کو دیکھتے ہوئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کی انتظامیہ نے مرزا ناظم حسین کو بطور پلانٹ آپریٹر بھرتی کرلیا۔ اب یہ نیوڈی اے پلانٹ پر اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں اس سال یونین کے الیکشن میں بھی حصہ لیا اور آفس سیکریٹری کی سیٹ جیت کر ایمپلائیز یونین کے ممبر بن گئے۔ مرزا ناظم حسین نے کہا کہ میں آئی سی آئی کی انتظامیہ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ جنہوں نے ہمارے خاندان کو ملازمت دی۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے۔ آمین یوں دیکھا جائے تو یہ تیری نسل ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش پلانٹ پر کام کر رہی ہے۔ اس جیسی بہت سی مثالیں کھیوڑہ میں موجود ہیں۔

# حاجی محمد نعیم افضل



حاجی محمد نعیم افضل ضلع سرگودھا کے گاؤں کوٹ مومن میں پیدا ہوئے میٹرک تک تعلیم اپنے گاؤں میں مکمل کی۔ اس کے بعد 14 جنوری 1989ء کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش میں بطور اپرنٹس (ٹریڈ کیمیکل) میں جوائن کیا۔ عرصہ دو سال بہت زیادہ محنت کی۔ اپرنٹس شپ مکمل ہونے پر سوڈا ایش کی انتظامیہ نے ان کی محنت اور لگن کو دیکھتے ہوئے 19 جنوری 1989ء کو واٹر پلانٹ پر بطور آپریٹر بھرتی کرلیا۔ اسکے بعد حاجی نعیم صاحب نے اور دلچسپی اور محنت کے ساتھ کام کیا۔

ہمیشہ آگے بڑھنے کی لگن رہی۔ کمپنی نے ان کو گریڈ 2 میں پرموٹ کیا۔ اور نئے کیسائنر پر شفٹ کر دیا گیا اور کیسائنز آپریٹر کی ڈیوٹی سرانجام دینے کو کہا۔ حسن انصاری صاحب کی قیادت میں جب پہلی بار آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش میں باقاعدہ سیفٹی کا آغاز ہوا تو حاجی صاحب نے سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کی بھرپور مدد کی اور بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ جب سوڈا ایش میں DCS سسٹم کا انعقاد کیا گیا تو انھوں نے اے بلڈنگ میں لگے ٹاور اور ڈسٹلر کنٹرول میں اس ٹیم کی بھرپور مدد کی۔ کیونکہ سوڈا ایش میں پرانے سسٹم کے ساتھ نئے سسٹم کو انسٹال کرنا ایک مشکل کام تھا لیکن حاجی صاحب نے دن رات محنت کی اور DCS سسٹم کو پایا تکمیل تک پہنچایا۔ اس محنت اور کام کی لگن کو دیکھتے ہوئے ایک بار پھر انتظامیہ نے انہیں گریڈ 1 میں ترقی دیدی اور بطور فیلڈ آپریٹر ڈسلٹر کنٹرول روم میں ڈیوٹی کرنے کو کہا۔ اب حاجی صاحب بطور فیلڈ آپریٹر کام کر رہے ہیں۔ اپنے کام سے خوش اور مطمئن ہیں۔ ان کا کہنا ہے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی انتظامیہ ہمیشہ محنت کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے مجھے فخر ہے کہ میں ایسے ادارے میں کام کرتا ہوں جہاں انسانوں کی حفاظت کے لئے کمپنی ہر لمحہ کوشاں رہتی ہے۔ سیفٹی صحت اور ماحول کے بارے میں انکا خیال رکھتی ہے نعیم صاحب خود بھی صوم صلوۃ کے پابند ہیں۔ اپنے ساتھیوں کو بھی دین کی تلقین کرتے رہتے ہیں انھوں نے اپنے بڑے بیٹے کو دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ قرآن پاک حفظ کرایا اور قاری بنایا۔ بیٹیوں کی شادیاں کردی ہیں جو اپنے اپنے گھروں میں خوش ہیں۔ ہم ان کے لئے دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ انھیں صحت دے اور ان کے روزگار میں برکت ڈالے۔ آمین

# نبیل احمد ملک

## ہمیں آپ پر فخر ہے

میں نبیل احمد ملک ہوں۔ میرے والد محترم ملک خالد محمود آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں الیکٹریکل آفیسر ہیں۔ میں نے میٹرک PMDC ماڈل ہائی اسکول کھیوڑہ اور FSC کا امتحان سائنس کالج کلر کہار سے پاس کیا۔

میں نے نومبر 2015ء میں پاکستان نیوی میں PNS کیڈٹ برائے کمیشن کا امتحان دیا اور 26 دسمبر 2016ء میں بطور نیول کیڈٹ پاک بحریہ کو کراچی میں جوائن کیا۔

میں آج جس مقام پر ہوں اس میں میرے والدین کی دعائیں اور میرے واجب الاحترام اساتذہ کی محنت کا ثمر شامل ہے۔

ہم لوگ کھیوڑہ میں رہتے ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے ماحول نے میری زندگی کے مقاصد تشکیل دینے میں میری بہت مدد کی۔ اس پر میں اپنی کمپنی کا شکر گزار ہوں۔



# پولیئسٹر پر ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے مشقوں کا انعقاد

پریکٹس کا کوئی نعم البدل نہیں ہے اور یہ زندگی کے تمام پہلوؤں پر لاگو ہوتی ہے۔ایمرجنسی سے نمٹنے کے لئے کی جانے والی مشقیں اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں۔ایمرجنسی مشقیں ملازمین کو ایمرجنسی میں کاروائی کے لئے تیار کرتی ہیں اور ان مشقوں سے بہت سے غلطیاں سامنے آتی ہیں جن کو درست کر کے بڑے نقصانات سے بچنا ممکن ہوتا ہے۔ ایمرجنسی میں فوری ردِعمل لازم ہے اور ردِعمل کی رفتار میں صرف ٹریننگ اور مشقوں سے ہی اضافہ کیا جا سکتا ہے ایمرجنسی مشقیں اس امر کو یقینی بناتی ہیں کہ پلانٹ پر موجود تمام ملازمین ہنگامی صورتحال سے بخوبی واقف ہیں اور اس سے نمٹنے کے لئے بروقت پہنچنا، فائر فائٹنگ کے لئے آلات کو استعمال کرنا، حادثات کے شکار افراد کو بچانا اور آلات کی آئسولیشن کے بارے میں بروقت درست فیصلہ کرنا کسی بھی ایمرجنسی مشق کے اہم پہلو ہیں۔اس تناظر میں پولیئسٹر پلانٹ پر تین ہنگامی مشقوں کا انعقاد کیا گیا۔مشقوں کے اختتام پر تنقیدی سیشنز کا اہتمام کیا گیا تا کہ مشق کے اہم نکات کو ایمرجنسی ٹیم کے ساتھ شیئر کیا جاسکے اور ہنگامی ردِعمل کو مربوط بنایا جاسکے جس سے پلانٹ اور اس میں کام کرنے والے افراد کی سیفٹی کو یقینی بنایا جا سکے۔





# ورکس منیجر کمیونکیشن سیشن

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس میں ورکرز کو بزنس کی موجودہ صورتِ حال کی آگاہی دینے کیلئے دسمبر 2016 میں ورکس کینٹین میں سیشنز کا اہتمام کیا۔ یہ سیشن چاروں گروپوں کے ورکرز کے ساتھ مختلف دنوں میں منعقد کیا گیا۔جس میں جناب خالد محمود ورکس منیجر پولیئسٹر بزنس نے ورکرز کو بزنس کی موجودہ صورتِ حال پر بریفنگ دی۔ان سیشنز میں ورکرز نے خالد محمود سے سوالات بھی کیئے جن کے انہوں نے بڑی تفصیل کے ساتھ جوابات دیئے۔ورکرز نے ان سیشنز کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے سیشنز سے ہمیں بزنس کے حالات کے بارے میں جاننے کا اور ہمیں اپنی تجاویز کمپنی تک پہنچانے کا موقع ملتا ہے۔لہٰذا مستقبل میں بھی اس طرح کے سیشنز ہونے چاہئیں۔آخر میں تمام لوگوں کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔



# ہاؤس کیپنگ کا مقابلہ

اچھی ہاؤس کیپنگ صرف خواتین کے لیے ایک میگزین کا موضوع نہیں ہے۔ بلکہ یہ حادثات کی روک تھام اور آگ سے حفاظت کے لیے ایک بنیادی ضرورت ہے۔ بہت سے سنگین حادثات ہاؤس کیپنگ کو نظرانداز کرنے سے پیش آتے ہیں۔جبکہ ہاؤس کیپنگ کا خیال رکھنے سے حادثات کی شدت میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔آئی سی آئی پاکستان پولیئسٹر بزنس ہاؤس کیپنگ کو حادثات کی کمی کے لیے ایک اہم جزو اور عنصر سمجھتا ہے۔ پلانٹ کے تمام علاقوں کو صاف رکھنے کے لیے ہر ماہ آڈٹ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔جس کی قیادت سالانہ پلان کے مطابق ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کرتے ہیں۔ ہر ماہ آپریشنل اور غیر آپریشنل ایریا کا آڈٹ کیا جاتا ہے۔نومبر کے مہینے میں کنٹریکٹر ایریا اور سی پی پالیمر ورک شاپ کو بیسٹ مینٹینڈ ایریا کا ایوارڈ دیا گیا۔ یہ بات یاد رہے کہ کنٹریکٹ ایریا کی ہاؤس کیپنگ میں نمایاں بہتری آئی ہے جس کے لیے کنٹریکٹر حضرات نے ان تھک محنت کی اور منیجر ز حضرات کی ہدایت پر ہر ممکن عمل کیا۔ جناب علی شجاع جعفری (پلاننگ اور ڈولپمنٹ منیجر) اور شیراز خطیب (سی پی پالیمر ورک شاپ منیجر) نے اس کامیابی کے حصول کے لیے کیئے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی۔بعدازاں جناب خالد محمود (ورکس منیجر پولیئسٹر بزنس) نے فاتح ڈیپارٹمنٹ کے سربراہان کو ٹرافی دی اور اُن کی کوششوں کو سراہا۔

# پولیئسٹر ورکرز کی ریٹائرمنٹ پارٹی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس کے ورکرز کی طرف سے 31 دسمبر 2016 کو ریٹائر ہونے والے ملازمین کے اعزاز میں روائتی ریٹائرمنٹ پارٹی مورخہ 30 دسمبر 2016 بروز جمعۃ المبارک ورکس کینٹین ہال میں منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن کریم اور نعتِ رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔ اس کے بعد ریٹائر ہونے والے ورکرز نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اپنی سروس صحت وتندرستی کے ساتھ پوری ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا اور کمپنی کے بہتر مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس کے بعد انجینئرنگ منیجر جناب عدیل مرزا اور راجہ خلیل الرحمٰن جنرل سیکریٹری آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر ایمپلائیز یونین نے اپنے اپنے خطاب میں ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کی خدمات کو سراہا۔ آخر میں ریٹائر ہونے والے ملازمین میں تحائف تقسیم کئے گئے۔ اس تقریب میں یونین آفیشلز، ورکرز اور منیجمنٹ سٹاف نے بھرپور شرکت کی۔



















## پرمٹ ٹو ورک ریفریشنر ٹریننگ

پرمٹ ٹو ورک ایک دستاویز ہے جو کسی بھی کام سے پہلے حاصل کیا جاتا ہے تا کہ کام کے دوران ممکنہ طور پر پیش آنے والے حادثات کی بروقت تشخیص کی جاسکے اور اُن پر قابو پایا جاسکے اکتوبر اور نومبر میں ایچ ایس ای اور ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ نے پرمٹ ٹو ورک کے موضوع پر دو ٹریننگ سیشنز کا اہتمام کیا جسکا مقصد ورک پرمٹ کے قوائد وضوابط ،کراس ریفرنسنگ اور ہینڈ بیک کے بارے میں یاد دہانی کروانا تھا،ان سیشنز میں 44 لوگوں نے شرکت کی جن کے پاس پرمٹ ایشو یا رسیو کرنے کی اتھارٹی ہے۔جنوری 2017 میں ایک اور سیشن کا اہتمام کیا جائے گا تا کہ تمام لوگ اس سے مستفید ہوسکیں۔





## نان مینجمنٹ سٹاف کے لئے سیفٹی کی تربیتی نشستیں

جولائی 2016 میں ایچ ایس ای اور ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ نے ایک جائزہ لیا (TNA کیا) جس کے نتیجے میں ملازمین کے کام کی مناسبت سے ٹریننگ کی ضرورت کا اندازہ لگایا گیا۔اس سلسلے میں جن تربیتی نشستوں کا انعقاد کیا گیا ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ ایمرجنسی ہینڈلنگ ☆ کنفائنڈ سپیس انٹری
☆ آئسویشن ☆ کیمیکل ہینڈلنگ ☆ فائر فائٹنگ

ان تربیتی نشستوں میں گروپ سی اور ڈی سے تعلق رکھنے والے پچاس ملازمین کو ٹریننگ دی گئی۔ٹریننگ میں محمد علی فائر اینڈ سیفٹی آفیسر نے روزمرہ زندگی کی مثالوں سے سیفٹی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔بعد ازاں فائر فائٹنگ کی پریکٹیکل ٹریننگ بھی کروائی گئی۔جس میں بہترین کارکردگی پر انعام بھی دیا گیا۔





# موٹر سائیکل لون قرعہ اندازی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس میں ہر دو سال بعد 52 موٹر سائیکل لون کی قرعہ اندازی ہوتی ہے۔ جس میں سے 2 لون پاورجن بزنس کیلئے ہوتے ہیں۔

سال 14-2013 کے 52 موٹر سائیکل لون کیلئے صرف 41 ایمپلائیز Eligible تھے لہٰذا تمام ایمپلائیز کو بغیر قرعہ اندازی کے موٹر سائیکل لون دے دیئے گئے۔ 11 موٹر سائیکل لون باقی تھے۔ 11 میں سے 1 لون اپنی پانچ سالہ سروس پوری کرنے پر ایک ایمپلائی کو دے دیا گیا۔ اس کے بعد 35 ایمپلائیز جن کا پچھلا لون ختم ہوگیا تھا انہوں نے باقی بچنے والے 10 لون کیلئے درخواست جمع کروائی۔ چونکہ درخواستیں زیادہ تھیں لہٰذا 10 موٹر سائیکل لون کیلئے قرعہ اندازی کروائی گئی جس کے نتیجے میں 10 ورکرز کامیاب قرار پائے۔

اس سال 16-2015 کے 52 موٹر سائیکل لون کیلئے 21 ایمپلائیز Eligible تھے لہٰذا تمام ایمپلائیز کو بغیر قرعہ اندازی لے موٹر سائیکل لون دے دیئے گئے۔ 31 موٹر سائیکل لون باقی تھے۔ 39 ایمپلائیز جن کا پچھلا لون ختم ہوگیا تھا موٹر سائیکل لون کیلئے درخواستیں جمع کروائیں۔ مورخہ 21 نومبر 2016 کو ورکس کینٹین ہال میں موٹر سائیکل لون کی قرعہ اندازی منعقد کی گئی جس کے نتیجے میں 31 ورکرز کامیاب قرار پائے۔ اس تقریب میں ورکرز اور یونین کے ساتھ منیجمنٹ نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر تمام لوگوں کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔













# کلر کہار / نیلا وان کا تفریحی دورہ



آئی سی آئی پاکستان پولیئسٹر سپورٹس کلب نے حسبِ روایت اس سال بھی ورکرز اور منیجمنٹ کیلئے تفریحی دورے کا اہتمام کیا۔اس مرتبہ کلر کہار اور نیلا وان کا انتخاب کیا گیا۔دورے کا مقصد روزمرہ کے کام کی مصروفیت سے ہٹ کر کسی خوشگوار اور پرُ سکون جگہ پر منیجمنٹ اور ورکرز میں گپ شپ کے ساتھ دوستانہ ماحول کو مزید پروان چڑھانا بھی تھا۔اس دورے میں لوگوں کی دلچسپی ان کی شمولیت کی خواہش سے لگائی جاسکتی ہے۔

ورکرز اور منیجمنٹ کی بھرپور شمولیت سے اس پروگرام کو بہتر طریقے سے انجام دینے کیلئے دو گروپس میں تقسیم کیا گیا تاکہ پلانٹ آپریشن متاثر نہ ہو۔ایک گروپ مورخہ 13 نومبر 2016 اور دوسرا گروپ مورخہ 25 نومبر 2016 کو گیا۔





دورے کا آغاز پولیئسٹر پلانٹ سے صبح ناشتے سے کیا گیا اس کے بعد صبح 8 بجے 3 کوسٹرز بذریعہ موٹروے کلر کہار پہنچیں۔وہاں پر تمام دوستوں کی کولڈ ڈرنک اور دیگر لوازمات سے تواضع کی گئی۔اس کے بعد نیلا وان کیلئے روانہ ہو گئے۔نیلا وان ایک قدرتی چشمہ ہے جس میں دوستوں نے نہا کر خوب انجوائے کیا۔پھر واپسی دوپہر 2 بجے کلر کہار پہنچ کر کھانا کھایا۔کھانا وہاں پر خود تیار کیا گیا جو کہ بہت لذیز تھا اور دوستوں نے پیٹ بھر کر کھایا۔کھانے کے بعد کشمیری چائے بھی پیش کی گئی۔مغرب کی نماز کے بعد واپسی کیلئے روانہ ہوئے۔

تمام سپورٹس ممبران اور یونین آفیشلز نے بھرپور تعاون کیا۔ سپورٹس کلب کی اس کاوش کو مینجمنٹ اور ورکرز نے بہت سراہا۔









### کاروبار میں جدّت اور ضابطہ کی اصلاحات

# ایم ڈی ایف (آسٹریلیا) سے شراکت کا معاہدہ

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل خان (اسسٹنٹ پروڈکٹ مینجر لائیواسٹاک)

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے مارکیٹنگ ڈیولپمنٹ کے ادارے ایم ڈی ایف (از حکومتِ آسٹریلیا) کے اشتراک سے اگست 2016 میں ایک اقدام کا آغاز کیا جس کا مقصد ایک مضبوط معاون نظام مہیا کرنا تھا جس سے معلومات پہنچانے کے طریقہء کار اور KPK کے دور دراز علاقوں تک وانڈا اور ڈیوورمر کی مارکیٹنگ کی بآسانی فراہمی میں مدد مل سکے۔ اس شراکت سے مزید فائدوں کے حصول کیلئے دونوں پارٹنرز اپنے ہدف صارفین کو متوازن خوراک، دواؤں اور فارم کی دیکھ بھال کے بارے میں رہنمائی فراہم کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اینیمل ہیلتھ ڈویژن کو سندھ اور پنجاب کی مارکیٹس میں پہلے سے ہی ایک مضبوط مقام حاصل ہے اور یہ طویل عرصے سے صارفین کو معیاری پروڈکٹس فراہم کر رہی ہے۔ کمپنی نے اپنے آپریشنز کو اب خیبر پختون خواہ ریجن میں توسیع دینے کا پروگرام بنایا ہے کیونکہ ڈیری فارمرز کے محدود طبقہ، مشکل جغرافیائی حالت، آگہی کی کمی اور ڈیری مصنوعات کی کم دستیابی کے سبب اس علاقے کی مارکیٹ میں بھی بڑی گنجائش موجود ہے۔ اس اقدام کے سلسلے میں مارکیٹ کی مختلف معاون سرگرمیوں کا آغاز کیا گیا جس میں ریڈیو پر تشہیر کے ذریعہ پروڈکٹ پورٹ فولیو، اس کے استعمال، بڑے تقسیم کاروں کے نام اور ان سے رابطے کی تفصیلات فراہم کی گئیں۔ اس کے علاوہ MDF کے اشتراک سے سوات کے مختلف علاقوں میں متوازن خوراک، جانوروں کی صحت اور فارم کی دیکھ بھال، جانوروں کو قابو کرنے کیلئے کیٹل کرش کی تنصیب اور دیگر معلومات کی فراہمی کیلئے تقریباً پچیس سیمینارز کا انعقاد کیا گیا۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو اس اقدام سے مزید فوائد کے حصول کے ساتھ توقع ہے کہ معلومات کی دستیابی اور فراہمی میں بہتری آئے گی، نیز معیاری مصنوعات کے استعمال سے جانور صحت مند ہوں گے، ان کی شرح اموات میں کمی آئے گی، پیداوار بہتر ہوگی اور مجموعی طور پر ڈیری فارمر کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اس اقدام سے نہ صرف فارمرز کو سہولتیں حاصل ہوں گی بلکہ آگے چل کر فارمرز کو بااختیار بنانے میں بھی مدد ملے گی جن کو پروڈکٹ کے بارے میں کم علم ہونے کی وجہ سے اپنی گائے بھینسوں کو درپیش مختلف چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

آپ کا مویشی۔ آپکا سرمایہ

# لائیواسٹاک شعبہ کی جانب سے فارمرز کی آگہی مہم

(مینگورہ، سوات ریجن میں فارمرز کا اجتماع)

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل خان (اسسٹنٹ منیجر، لائیواسٹاک)

ڈیری فارمرز اور وٹرنری شعبے کے ڈاکٹرز میں ڈیورمر (Dewormer) اور اینٹی بایوٹیک کے کردار کے بارے میں آگہی پیدا کرنے کیلئے ہمارا انیمل ہیلتھ ڈویژن فارمرز کے اجتماع، پیشہ ور افراد کی میٹنگز اور مختلف تقریبات کا اہتمام کرتا رہتا ہے۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے کم مراعات یافتہ اور کم علم فارمرز کی کمیونٹی تک پہنچنے میں مدد ملتی ہے جو اس بناء پر مسائل کا شکار ہیں بلکہ ان میں برانڈ کی آگہی میں اضافہ کا بھی موقع ملتا ہے۔

انیمل ہیلتھ ڈویژن کے لائیواسٹاک کے شعبہ نے سوات اور مینگورہ ریجن میں ڈیری فارمرز کے چھ اجتماعات اور پیشہ ور افراد کے ایک اجتماع کا اہتمام کیا۔ ان اجتماعات کا مقصد نہ صرف فارمرز میں آگہی پیدا کرنا تھا بلکہ پیشہ ور افراد میں چھوٹے اور بڑے جانوروں کیلئے ڈیورمر اور متوازن خوراک سے آگاہ کرنا بھی تھا جو کہ پیداوار میں اضافہ کیلئے بہت اہم ہے۔ ان اجتماعات کے آغاز میں ہمارے ریجنل سیلز منیجر نے جانوروں کی محفوظ دیکھ بھال کے بارے میں ایک پریزنٹیشن دی اور ٹیم نے فارمرز اور پیشہ ور افراد کو بتایا کہ کس طرح اندرونی اور بیرونی طفیلی حشروں کیڑوں سے بچنے کیلئے کیا احتیاط کرنی چاہیئے جو کہ جانوروں کی صحت کو شدید نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس کے علاوہ فارمرز اور پیشہ ور افراد کو ڈیورمنگ، اینٹی بایوٹیکس اور متوازن خوراک کی اہمیت کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی گئیں جس سے جانوروں میں معدنیات کی کمی کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے جانوروں کو معدنیات پر مبنی غذا کے فوائد کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا اور بتایا کہ یہ ان کی غذائیت کی قوت میں اضافہ کیلئے بہت مفید ہے۔

مجموعی طور پر اس تجربہ سے فارمرز اور پیشہ ور افراد، دونوں کو بہت سی معلومات حاصل ہوئیں۔ ہماری ٹیم کی اس کوشش سے ہمیں اپنے متعلقہ شعبہ میں لوگوں کو معلومات فراہم کرنے کا ہدف حاصل کرنے اور مثبت طور پر آگہی پیدا کرنے میں مدد ملی۔





لائف سائنسز










مجموعی طور پر فارمرز اور وٹرنری کے ڈاکٹروں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی اس کاوش کو سراہا اور اپنے علاقوں میں کیٹل کرش کی تنصیب سے حاصل ہونے والی سہولت پرخوشی کا اظہار کیا۔

## ایم ڈی ایف اور انیمل ہیلتھ کا تعاون

# سوات میں کیٹل کرش کی تنصیب

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل خان (اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر-لائیو اسٹاک)

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے انیمل ہیلتھ ڈویژن کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ وہ فارمرز کی صلاحیتوں میں اضافہ کرے اور مجموعی طور پر معاشرے کو بہتر بنانے میں اپنی ذمہ داری ادا کرے۔اس مقصد کے حصول کیلئے یہ شعبہ ایسی سرگرمیوں کے انعقاد کا اہتمام کرتا ہے جن سے سماجی، ماحولیاتی اور معاشی فوائد حاصل ہوں۔

چنانچہ جانوروں کی بہتر صحت اور ان کی بیماری کی صورت میں تشخیص اور علاج کیلئے محفوظ طریقے اختیار کرنے کے سلسلے میں ہمارے انیمل ہیلتھ لائیو اسٹاک کے شعبہ نے ایم ڈی ایف انیمل ہیلتھ کے تعاون سے مختلف علاقوں جیسے سوات، مالا کنڈ، مردان اور نوشہرہ میں دس کیٹل کرش تنصیب کیے۔اس کے ذریعے فارمرز اور وٹرنری کے معالجین اور دیگر اسٹاف کو جانوروں کے علاج اور ان کو دوا پلانے کیلئے سہولت فراہم ہوگی اور اس دوران جانور کسی اور اندرونی جراثیم کی وجہ سے پیدا ہو جانے والی بیماریوں کے اثرات سے محفوظ رہیں گے۔اس کے ساتھ ساتھ ان علاقوں میں فارمرز اور متعلقہ وٹرنری کے شعبے کے ماہرین کو جانوروں کی محفوظ دیکھ بھال کے طریقوں سے آگاہ کرنے کیلئے سیمینارز اور ان طریقوں کے عملی مظاہروں کے سلسلے کا بھی اہتمام کیا گیا۔







آپ کا مویشی۔آپکا سرمایہ

# جانوروں کی دیکھ بھال کے محفوظ طریقے

## انیمل ہیلتھ ڈویژن کی سماجی سرگرمی

رپورٹ: ڈاکٹر عمر ستار (پروڈکٹ منیجر، لائیواسٹاک)

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ ڈویژن اپنے کاروباری اہداف کے حصول کو ہی نہیں، اپنی معاشرتی ذمہ داریوں کی ادائیگی کو بھی اپنے کاروباری امور کا حصہ سمجھتا ہے۔ہم معاشرے میں زندگی کے معیار میں بہتری لانے اور اپنی اقدار پر عمل پیرا ہونے کیلئے پُرعزم ہیں اور اس کیلئے ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔اسی طرح لائیواسٹاک کے شعبہ میں، ہماری پروڈکٹس مویشیوں کیلئے بے حد فائدہ مند ہیں اور اس سے بڑھ کر ہم ماحول کے تحفظ سے لے کر مجموعی طور پر پورے معاشرے کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں۔ہم اپنے کاروباری امور بھی اس انداز میں انجام دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ جس سے معاشرتی، ماحولیاتی اور معاشی فوائد حاصل ہوں۔اسی طرح ہم اپنے ملازمین کی بھی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ سرگرمیوں کے ہر معاملے میں انہی اصولوں پر کاربند رہیں۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ ڈویژن کئی قسم کے شعبہ جات میں خدمات انجام دے رہا ہے جن میں ہم لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے اور اپنی اس دنیا کو سنوارنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ہم ان شعبوں پر خاص توجہ دیتے ہیں جہاں ہماری مہارت اور پروڈکٹس روزمرہ زندگی میں بہتری لاسکیں اور پیشہ ورانہ معیار کو مزید بہتر بنا سکیں۔

انیمل ہیلتھ ڈویژن کی ٹیم متعلقہ کمیونٹی کے تعاون سے جانوروں کی عام صحت کی بہتری کیلئے خدمات انجام دیتی ہے۔اس سلسلے میں ہماری ٹیم کو یہ معلوم ہوا کہ جانوروں کی غیر محفوظ طریقے سے دیکھ بھال کے نتیجے میں ان کی بیماریوں کی تشخیص اور علاج کے دوران میں کئی طرح کے حادثات پیش آتے ہیں۔یہ حادثات نہ صرف جانوروں بلکہ ان کے دیکھ بھال کرنے والوں کیلئے بھی خطرناک ہوتے ہیں۔لہٰذا ہم نے فارمرز اور ماہرین کو جانوروں کی محفوظ دیکھ بھال کے طریقے سکھانے کیلئے ایک سماجی سرگرمی کا اہتمام کیا تاکہ حادثات سے بچا جا سکے۔اس سلسلے میں انیمل ہیلتھ ڈویژن نے ملک بھر میں سیمینارز اور عملی مظاہروں کا اہتمام کیا جس میں فارمرز اور ماہرین کو جانوروں کی محفوظ دیکھ بھال کے طریقوں سے آگہی دی گئی۔اس سرگرمی کو موثر بنانے کیلئے پورے ملک میں 20 عملی مظاہرے کیئے گئے جن میں مجموعی طور پر 400 سے زائد فارمرز اور سماجی کارکنوں نے شرکت کی۔

ان عملی مظاہروں میں مختلف یونیورسٹیز سے جانوروں کے علاج کے معروف ماہرین نے لکچر دیئے اور جانوروں کی بیماریوں کی تشخیص اور علاج کے سلسلے میں محفوظ طریقہء کار سے متعلق مختلف پہلوؤں سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔اس سرگرمی کیلئے فارمرز اور جانوروں کے علاج کے ماہرین نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی کاوشوں کو بے حد سراہا اور کہا کہ یہ ایسی کمپنی ہے جو فارمرز سے صرف کاروباری تعلقات قائم نہیں کرتی بلکہ ان کی اور ان کے جانوروں کی بہتری کے لئے بھی باقاعدہ رابطہ رکھتی ہے۔

# اینیمل ہیلتھ شعبے کی حکمتِ عملی کے جائزہ کیلئے میٹنگ

اینیمل ہیلتھ شعبے کی اگرچہ کارکردگی نہایت شاندار اور بجٹ کے مقررہ اہداف سے بہت آگے جارہی ہے لیکن یہ وقت آرام اور اطمینان کا نہیں ہے بلکہ اپنی رفتار کو اسی طرح برقرار رکھنا ہے تاکہ بزنس کیلئے زیادہ سے زیادہ فائدہ مند ثابت ہو۔اس لئے اس وقت گزشتہ پانچ سال کی کارکردگی اور 17-2016 کی پہلی سہ ماہی کا جائزہ لینے اور اس کی روشنی میں دوسری سہ ماہی کیلئے حکمتِ عملی تیار کرنے کی ضرورت تھی۔ اس مقصد کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے انیمل ہیلتھ ڈویژن نے 19 سے 21 دسمبر 2016 تک نتھیا گلی کے پرفضا مقام پر حکمتِ عملی کے جائزے کیلئے میٹنگ کا اہتمام کیا۔اس میٹنگ میں مارکیٹنگ اور سیلز دونوں ٹیموں کے سربراہوں اور بزنس منیجر نے شرکت کی۔

بزنس منیجر صبور احمد نے انیمل ہیلتھ ڈویژن کی کارکردگی کے بارے میں ایک پریزنٹیشن سے آغاز کیا جس میں فارمر چوائس وانڈا کے کاروبار پر خصوصی توجہ دی گئی جس میں 1.25 بلین کا کاروبار ہوا۔لائیواسٹاک اور پولٹری کے شعبوں کے فارمر چوائس میڈیسن کے پورٹ فولیو میں مزید نصف بلین کی حد عبور کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے اور اس کے ساتھ ڈیوورمر (Dewormer) کے پورٹ فولیو میں تیزی سے اضافہ کا پروگرام بنایا گیا۔

میٹنگ کے پہلے دو دن خاص طور پر کارکردگی، مقاصد اور ان کے حصول کی کاوشوں پر بحث و مباحثہ کیا گیا۔اس میں سیلز اور مارکیٹنگ کی ٹیم نے اپنا نقطہء نظر پیش کیا اور کافی غوروخوض کے بعد اتفاق رائے سے ایک لائحہء عمل منظور کرلیا گیا۔

آخری دن انسانی وسائل سے متعلق امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی جس میں 17-2016 کیلئے کیریئر موومنٹ، اسٹاف کی مصروفیات، ڈویژن کے مجموعی لائحہء عمل اور کیریئر میں ترقی کے پلان کی پیش رفت کے امور طے کیئے گئے۔

مجموعی طور پر میٹنگ ایک مثبت تاثر کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی جس میں ٹیم نے فارمر چوائس وانڈا، میڈیسن اور ڈیوورمر رینج کے اہداف کے حصول کے عزم کا اظہار کیا۔ٹیم نے مل جل کر بھرپور کوششیں کرنے کے عزم کا بھی اظہار کیا جس کے نتیجے میں کاروبار میں یقینی طور پر اضافہ ہوگا۔



آپ کا مویشی۔ آپکا سرمایہ

# پاکستان کیٹل شو شیخوپورہ

اپنے صارفین سے مستقل رابطہ رکھنا کسی بھی کاروبار کی کامیابی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اینمل ہیلتھ ڈویژن کی سیلز ٹیم بھی اپنے کسٹمرز سے مسلسل رابطے میں رہتی ہے اور ان کے جانوروں کے مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ کوشاں رہتی ہے۔ اس مقصد کیلئے ہم ایسی سرگرمیاں جاری رکھتے ہیں جن سے ہم اپنے تمام معزز صارفین سے ملاقات کرسکیں اور ان کو اپنے پروڈکٹ پورٹ فولیو سے متعلق تازہ ترین آگہی فراہم کرتے رہیں۔ اس مرتبہ ہماری ٹیم کو شیخوپورہ میں ہونے والے کیٹل شو میں شرکت سے یہ موقع حاصل ہوا۔ یہ شو شیخوپورہ ماڈل کیٹل مارکیٹ کے علاقے میں کیٹل مارکیٹ منیجمنٹ کمپنی لاہور ڈویژن کے تعاون سے منعقد کیا گیا تھا۔




اس کا مقصد مختلف کمپنیوں کو مدعو کر کے انہیں اپنے برانڈز کی تشہیر اور اپنے پروڈکٹ پورٹ فولیو کے بارے میں ڈیری فارمرز کو آگہی فراہم کرنا تھا۔ یہ میلہ مویشیاں ہر سال منعقد ہوتا ہے جس میں بڑی تعداد میں فارمرز آتے ہیں اور یہاں پر ان کو نئی پروڈکٹس کے بارے میں مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ اس طرح بہت سی کمپنیوں کو بھی موقع ملتا ہے کہ وہ ایک ہی جگہ پر کئی صارفین سے رابطہ کرسکیں۔


اس سال آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اینمل ہیلتھ ڈویژن نے بھی اس میلے میں اپنا اسٹال لگایا اور اپنی پروڈکٹس، وانڈا، انتھیلمنٹک (Anthelmintic)، بووین جنیٹکس (Bovine Genetics) اور غذائیت والی پروڈکٹس جیسے سالٹ لک (Salt lick) کے بارے میں ڈیری فارمرز کو آگاہی دی اور فروخت کیلئے پیش کیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنی دیگر پروڈکٹ رینج، ان کے استعمال اور فوائد کے بارے میں فارمرز کو معلومات مہیا کرنے کا اچھا موقع ملا۔ کیٹل شو کے شرکاء کو ہمارے ریجنل سیلز منیجر صداقت ورک نے KNZ سالٹ لک کے بارے میں ایک جامع لکچر دیا اور دودھ دینے والے جانوروں میں معدنیات کے فوائد کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے سالٹ لک کے صحیح استعمال کا طریقہ بھی بتایا اور واضح کیا کہ یہ کس طرح جانوروں کی صحت کیلئے فائدہ مند ہے۔ ان کا لکچر نہایت جامع اور تفصیلی تھا۔ مجموعی طور پر اس پلیٹ فارم کے ذریعہ فارمرز کو ہماری ٹیم کے تجربہ سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمیں بھی متوقع صارفین میں آگہی پیدا کرنے اور موجودہ صارفین کے ساتھ براہ راست گفت وشنید سے رابطے مضبوط کرنے میں مدد ملی۔



آپ کا مویشی۔آپکا سرمایہ

# بھینس کالونی لانڈھی میں آگہی مہم

لائف سائنسز بزنس کے اینمل ہیلتھ ڈویژن کی ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ تشہیری سرگرمیوں کو اس انداز میں مرتب کیا جائے جس سے ہماری پروڈکٹ کے پورٹ فولیو کا پیغام اور ہمارے برانڈ کے بارے میں آگہی موثر طور پر تمام متعلقہ افراد تک پہنچ جائے۔اس کیلئے ڈویژن ایسے مواقع تلاش کرتا ہے جس میں ہم اپنی پروڈکٹ کے فائدے بتا سکیں، ڈیری فارمرز کو معلومات دے سکیں، جانوروں کی غذائیت، فارم منیجمنٹ کے بہترین طریقوں اور بہتر پیداوار کے بارے میں آگہی پیدا کر سکیں۔اس مرتبہ پروڈکٹ کی تشہیری سرگرمی کیلئے ہم نے بھینس کالونی لانڈھی، کراچی کا انتخاب کیا۔ بھینس کالونی میں جانوروں کی خرید و فروخت بھی ہوتی ہے۔اس سرگرمی کے ذریعے ہمیں اپنے کاروبار کیلئے بڑی تعداد میں متعلقہ افراد سے گفتگو کا موقع ملا اور ہم نے فارمرز کو اپنی پروڈکٹ کے استعمال اور اس کے معیار کے بارے میں آگاہ کیا۔ ہم نے یہ بھی واضح کیا کہ ہماری پروڈکٹس کس طرح مارکیٹ میں موجود دیگر اداروں کی پروڈکٹس سے مختلف اور منفرد ہیں۔واضح رہے کہ اس بھینس کالونی میں مقامی کے علاوہ پاکستان کے دوسرے علاقوں سے بھی بڑی تعداد میں فارمرز جانوروں کی خرید و فروخت کی غرض سے آتے ہیں اور اس طرح ایک ہی جگہ پر ہمیں ملک کے مختلف علاقوں کے فارمرز تک بآسانی رسائی اور ان سے براہ راست بات چیت کا موقع بھی ملتا ہے۔



اس مرتبہ کراچی کی بھینس کالونی کے علاقے میں تقریباً 200 فارمرز موجود تھے جو ڈیری اور گوشت دونوں مقاصد کیلئے جانوروں کا کاروبار کرتے ہیں۔یہاں ہمیں ایک جگہ پر ہی سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے فارمرز سے ملاقات کا موقع ملا۔ڈاکٹر اورنگ زیب اور ان کی ٹیم نے فارمرز سے گفت و شنید کی اور اپنے مختلف پورٹ فولیو،اس کے استعمال اور فوائد کے بارے میں ان کو آگاہ کیا نہ صرف اپنی پروڈکٹ کے بارے میں آگہی پیدا کی بلکہ ان فارمرز کی مشکلات اور مسائل کا بھی جائزہ لیا جن کے وسائل محدود ہیں اور انھیں ایسی معلومات حاصل نہیں ہیں جن سے وہ اپنے جانوروں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھ سکیں۔اس کے علاوہ اس ملاقات میں ٹیم نے فارمرز کے مختلف سوالات کے جواب بھی دیئے۔مجموعی طور پر یہ سرگرمی ہماری ٹیم کیلئے بے حد فائدہ مند ثابت ہوئی کیونکہ اس میں پاکستان کے مختلف علاقوں کے صارفین سے براہ راست بات چیت کا موقع ملا۔



آپ کا مویشی۔ آپکا سرمایہ

# بھٹ شاہ میلہ اینیمل ہیلتھ کا اسٹال






شاہ عبداللطیف بھٹائی کا شمار سندھ کے نامور صوفیائے کرام میں ہوتا ہے۔آپ 1690ء بمطابق 1102ھ سندھ کے ایک چھوٹے سے گاؤں ہالا حویلی میں پیدا ہوئے۔آپ سندھ کی ثقافت کے سنہری دور میں پلے بڑھے۔آپ نے اپنی پوری زندگی اسلامی تعلیمات کی ترویج کیلئے وقف کردی۔آپ نے اپنے اعلیٰ اخلاق اور نرم طبیعت سے بہت جلد لوگوں کے دلوں میں گھر کرلیا۔آپ کا عرس ہر سال 14 صفر کو بڑی عقیدت سے منایا جاتا ہے۔اس سال ان کا 273 واں عرس منایا گیا۔اس موقع پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اینمل ہیلتھ ڈویژن، حیدرآباد کی ٹیم نے عرس کے تینوں دن شرکت کی۔ٹیم کے لئے یہ بڑے اعزاز کی بات تھی کہ انہوں نے وہاں اپنے ڈویژن کا ایک اسٹال بھی لگایا جہاں سندھ کے دیگر علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں کو آئی سی آئی پاکستان کی اعلیٰ معیار کی پروڈکٹس پیش کیں اور ان کے فوائد کے بارے میں کارآمد معلومات سے آگاہ کیا۔ان تین دنوں میں کئی نامور شخصیات اور وزراء نے بھی دورہ کیا۔آئی سی آئی پاکستان کے ممبرز ڈاکٹر دلیپ کمار، ایریا منیجر مہران کارپوریٹ ڈیری حیدرآباد اور ڈاکٹر محمد عیسیٰ بلوچ، ٹیکنیکل سروسز آفیسر نے سندھ لائیواسٹاک کے وزیر محمد علی ملکانی اور ڈائریکٹر جنرل، لائیواسٹاک سندھ، ڈاکٹر علی اکبر سومرو، ڈائریکٹر لائیواسٹاک سندھ ڈاکٹر مشتاق جوکھیو اور دیگر افراد کے اسٹال پر دورے کے دوران ان سے ملاقاتیں کی اور انھیں ڈیری فارم انڈسٹری میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے کردار اور دستیاب پروڈکٹس کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔حکومت سندھ کے ان افسران نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی کاوشوں پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔




اس موقع پر ایک ایوارڈ کی تقریب میں ڈائریکٹر انیمل ہسبینڈری لائیواسٹاک سندھ، ڈاکٹر مشتاق جوکھیو نے ڈاکٹر دلیپ کمار کو سندھ کی ثقافت کا خوبصورت تحفہ اجرک پہنائی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جوکھیو نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔تین روزہ تقریبات میں ہزاروں افراد نے شرکت کی جن میں تقریباً 700 فارمرز شامل تھے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے فارمرز اور ویٹرنری ڈاکٹرز میں ایوارڈ اور شیلڈز تقسیم کی گئیں۔

تقریب کے شاندار انتظامات کے سلسلے میں مہمانوں اور دیگر آنے والوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے کردار کو بے حد سراہا۔






# ایف ویکس ایم جی کی افتتاحی تقریب









ہمارے انیمل ہیلتھ ڈویژن کے شعبۂ پولٹری نے اپنی نئی پروڈکٹ F Vax Mg کی افتتاحی تقریب 16 دسمبر کو کراچی میں منعقد کی جس میں 15 اہم کنسلٹنٹس اور 30 لیئر فارمرز نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ پاکستان میں مجموعی لیئر فارمرز کی تعداد 60 ملین ہے جس میں سے صرف 10 ملین لیئر فارمرز کراچی میں ہیں۔ اس تقریب میں حاضرین کو نئی متعارف کرائی جانے والی ویکسین، اس کے استعمال اور فوائد کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔ اس کے علاوہ مرغیوں میں سانس کی بیماری (mycoplasmosis) کے سبب فارمرز کو ہونے والے معاشی نقصانات پر بھی تفصیلی گفت وشنید ہوئی۔

تقریب کا آغاز آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے مختصر تعارف اور ایچ ایس ای کے بارے میں پریزنٹیشن سے ہوا اور شعبۂ پولٹری کے پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر رضوان نے کمپنی کی اپنے پارٹنرز الانکو اور ایم ایس ڈی کے ساتھ طویل رفاقت اور معیار کے بارے میں ان کے عزم کو نمایاں طور پر بیان کیا۔ بعد ازاں Mycoplasmosis کے سبب ہونے والے معاشی نقصانات اور F Vax Mg ویکسینیشن کے استعمال سے فارمرز کو Mycoplasmosis سے تحفظ اور اس کے علاج کے موضوع پر تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی۔ آخر میں ہماری ٹیم نے حاضرین کی جانب سے ویکسینیشن کے بعد کی دیکھ بھال کے بارے میں کئے گئے سوالات کے عمدگی سے جواب دیئے۔

مجموعی طور پر یہ بے حد کامیاب تقریب تھی جس میں ٹیم کو ایک ہی مقام پر بڑی تعداد میں فارمرز اور کنسلٹنٹس سے ملاقات کا موقع ملا اور انہوں نے اپنی نئی پروڈکٹ کے بارے میں آگہی دی جسکے ذریعہ Mycoplasmosis کے سبب فارمرز کو ہونے والے معاشی نقصانات سے بچا جا سکتا ہے۔

# حب ڈیم کے
# پولٹری فارمز کا اجتماع

پولٹری فارمز میں آگہی پیدا کرنا ہماری مارکیٹنگ اور سیلز ٹیم کا ایک اہم لائحۂ عمل رہا ہے جس کے لئے وہ اکثر پولٹری فارمز کے اجتماع کا اہتمام کرتے ہیں جس کا مقصد انتظامیہ، پولٹری فارمز اور پیشہ ور افراد کو ایک جگہ بیٹھ کر اپنی معلومات اور تجربات کے بارے میں ایک دوسرے کو آگاہ کرنے کا موقع فراہم کرنا ہے۔اس طرح کے اجتماع پولٹری فارمز کو بااختیار بنانے کیلئے بہت کارآمد ہوتے ہیں۔

چنانچہ 3 دسمبر 2016 کو شعبۂ پولٹری کے ریجنل سیلز منیجر محمد شہریار نے حب ڈیم کے مقام پر پولٹری فارمز کے اجتماع کا اہتمام کیا اس اجتماع میں 25 پولٹری فارمز نے شرکت کی جن کو ہماری ٹیم نے فارم کے انتظامات کے طریقوں، بائیوسیکورٹی اور غذائیت کی اہمیت کے بارے میں رہنما معلومات فراہم کیں۔



اجتماع کے آغاز میں ریجنل سیلز منیجر نے سیفٹی سے متعلق ایک پریزنٹیشن دی اور ان خطرات کی نشاندہی کی جو بائیوسیکورٹی کے نہ ہونے، فارم منیجمنٹ اور پرندوں کی دیکھ بھال کے غیر مناسب طریقوں کی بدولت لاحق ہوتے ہیں۔اس کے بعد مختلف پروڈکٹس سے متعلق تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی جن میں ہیپاٹو بوسٹر، سیلینیو بوسٹر، ورکون-S، یونی ویکس BD، پلموٹل AC اور ٹرائی ٹون شامل تھیں۔اس پریزنٹیشن کے ساتھ ساتھ پولٹری فارمز کو مرغیوں کی بیماریوں کی علامات، ان کی دوا کی خوراک اور ان مسئلوں کے حل کیلئے دواؤں کی اہمیت کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی گئیں۔



یہ اجتماع پولٹری فارمز کیلئے بہت فائدہ مند ثابت ہوا کہ انہوں نے نہ صرف بائیوسیکورٹی اور فارم منیجمنٹ کے بارے میں ہماری ٹیم سے بہت سی معلومات حاصل کیں بلکہ مرغیوں کی بیماریوں سے متعلق پروڈکٹ پورٹ فولیو اور اس کے استعمال کے بارے میں بھی آگہی حاصل ہوئی۔




لائف سائنسز

# سیمینارز کے ذریعہ آگہی کا فروغ

پولٹری کا شعبہ غذائیت کی رینج اور فارمر چوائس پروڈکٹس سے متعلق آگہی پیدا کرنے کی غرض سے باقاعدگی کے ساتھ پیشہ ورانہ میٹنگز کا انعقاد کرتا رہتا ہے۔ٹیم کی کوشش رہتی ہے کہ نہ صرف ہمارے برانڈز کے بارے میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو آگاہی دی جا سکے تا کہ ہمارے فارمرز ان معلومات سے بہتر فائدہ اٹھا سکیں اور اپنی مرغیوں کی مناسب دیکھ بھال کر سکیں جس کے نتیجے میں وہ ہمارے کاروبار کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے شعبۂ پولٹری نے اس سلسلے میں حیدرآباد سکھر میں سیمینارز منعقد کئے۔



حیدرآباد:

حیدرآباد میں منعقدہ سیمینار میں بارہ معالجین اور پولٹری شیڈ مالکان نے شرکت کی۔اس سیمینار کا مقصد ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا جہاں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ٹیم اور اس کاروبار سے منسلک افراد اور ماہرین ایک جگہ جمع ہوں اور اپنے تجربات پر تبادلہء خیال کریں۔

اس موقع پر ہماری اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر زہرہ محمود اور ریجنل سیلز منیجر جناب محمد شہریار نے غذائیت کی رینج، اس کے فوائد، علامات، خوراک کی شرح اور فارم میں جانوروں کی صحت برقرار رکھنے کی اہمیت پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔



سیکھنے سکھانے کے اس عمل کو کمپنی کے بیک گراؤنڈ، پروڈکٹ پورٹ فولیو کے تصویری بورڈز اور غذائیت کی رینج کی تفصیلی پریزنٹیشن سے مزید تقویت ملی۔اس کے علاوہ ہماری ٹیم نے فارم کے انتظامی امور، بائیوسیکورٹی اور معدنیات پر مبنی خوراک سے فارم کی پیداوار میں اضافہ کے بارے میں آگہی فراہم کی۔ہماری ٹیم نے حاضرین کی جانب سے متعلقہ موضوع سے متعلق مسائل اور علاج کے بارے میں پوچھے گئے سوالات کے تسلی بخش جواب بھی دیئے۔



مجموعی طور پر سیمینار بڑی اہمیت کا حامل تھا اور اس سے معالجین کی آگہی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا جس کے نتیجے میں فارمرز تک رسائی میں مدد ملی۔



سکھر:

سکھر میں منعقدہ سیمینار میں 5 پولٹری کے ڈاکٹروں اور 9 شیڈز مالکان نے شرکت کی۔ اس سیمینار کے انتظامی امور ہماری اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر زہرہ محمود نے انجام دیئے۔اس کا مقصد ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا جہاں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ٹیم اور پیشہ ور افراد ایک جگہ جمع ہوں اور اپنے تجربات سے ایک دوسرے کو آگاہ کریں۔اس موقع پر ایک پریزنٹیشن دی گئی جس میں بتایا گیا کہ فارمرز کو مرغیوں اور چوزوں کی صحت اور ان کی حفاظت میں حائل رکاوٹوں اور احتیاطی تدابیر کے لئے کیا اقدامات کرنے چاہئیں۔اس کے علاوہ خاص طور پر مرغی فارم کے انتظامی امور، ان کی صحت کی حفاظت اور غذائیت کی رینج کے

بارے میں تفصیلی بات چیت بھی ہوئی۔ سیکھنے سکھانے کے اس عمل میں پروبائیوٹکس اور ورکون ایس (Virkon S) کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن بھی دی گئی۔

مزید برآں، حاضرین کے سوالات کے جواب بھی دیئے گئے اور مرغی فارم کے بہترین انتظامی امور انجام دینے اور ہمیشہ اعلیٰ معیار کی پروڈکٹس استعمال کرنے کیلئے ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ مجموعی طور پر معلومات کے حصول کیلئے یہ تجربہ بہت مددگار ثابت ہوا اور شرکاء نے پولٹری ٹیم کی اس کاوش کو بے حد سراہا اور اس رائے کا اظہار کیا کہ اس قسم کی تقریبات آئندہ بھی جاری رہنی چاہئیں۔




# سرحد پار پارٹنرز کے ساتھ مستقبل میں ترقی اور منصوبہ بندی کے کام

## پارٹنر ایم ایس ڈی (MSD) اینمل ہیلتھ سے سری لنکا میں ملاقات



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو اپنے پارٹنر ایم۔ ایس۔ ڈی (MSD) اینمل ہیلتھ کے ساتھ طویل رفاقت پر فخر ہے۔ ایم۔ اسی۔ ڈی اینمل ہیلتھ ایک بین الاقوامی ادارہ ہے جو مختلف نوعیت کی پروڈکٹس اور خدمات ڈیری فارمنگ کے شعبے کیلئے پیش کرنے میں کوشاں ہے اور بہتر کارکردگی اور بہتر منافع کے ذرائع حاصل کرنے کیلئے غیر روایتی طریقے اپنانے پر بھی آمادہ رہتا ہے۔ یہ اپنے ادارے کی صلاحیت میں اضافہ کیلئے بیرونِ ملک بڑی پارٹیوں کے ساتھ تعاون کے معاہدے کرتا ہے اور ان کو جدید ٹیکنالوجیز کی وسیع رینج کے حصول میں مدد دیتا ہے۔ اس طرح ان کے پورٹ فولیو میں تازہ ترین اضافہ ہوتا رہتا ہے اور اس میں نئی متعارف ہونے والی پروڈکٹس باقاعدگی کے ساتھ شامل ہوتی رہتی ہیں۔ اس طرح ان کے صارفین کو مویشیوں کیلئے موجودہ خدشات سے بچاؤ اور نئی بیماریوں کے خطرات سے بہتر تحفظ دینے میں مدد ملتی ہے۔ پولٹری اور لائیو اسٹاک کے پورٹ فولیو کو مزید وسعت دینے کی غرض سے ایم۔ ایس۔ ڈی اینمل ہیلتھ نے سری لنکا، کولمبو میں ایک حکمتِ عملی تیار کرنے کی میٹنگ کا اہتمام کیا۔

اس میٹنگ میں بزنس منیجر صبور احمد، مارکیٹنگ اینڈ سیلز منیجر ڈاکٹر شہزاد مجید اور نیشنل سیلز منیجر، پولٹری، ڈاکٹر انوار الحق نے MSD اینمل ہیلتھ کے ڈاکٹر لیش گوئیل اور جناب رنجن پگنیس سے ملاقات کی۔ اس میٹنگ کا مقصد کارکردگی کا جائزہ لینا اور مستقبل کیلئے نئی کاروباری سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرنا تھا۔ انہوں نے اگلے سال کیلئے حکمتِ عملی اور کاروبار کی ترقی کے لئے کئے جانے والے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بات چیت کی۔ انہوں نے ایسے ممکنہ کاروباری امکانات پر بھی گفت وشنید کی جو مشترکہ حکمتِ عملی کے ذریعے کاروبار کے اضافے میں مددگار رہوں۔

ایم۔ ایس۔ ڈی اینمل ہیلتھ نے لائیو اسٹاک اور پولٹری دونوں شعبوں میں برانڈ کی مقبولیت کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی کاوشوں کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے ایم۔ ایس۔ ڈی اینمل ہیلتھ کے ضابطہء اخلاق پر بھی ایک پریزنٹیشن دی اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی اینمل ہیلتھ ٹیم پر اعتماد کا اظہار کیا۔ مجموعی طور پر یہ دورہ بہت کامیاب رہا کیونکہ اس کے ذریعے اینمل ہیلتھ ڈویژن، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور ایم۔ ایس۔ ڈی اینمل ہیلتھ، دونوں کو مستقبل کے امکانات کیلئے ایسی حکمتِ عملی تیار کرنے میں مدد ملے گی جس سے وہ مارکیٹ میں دوسروں اداروں کے مقابلے میں ایک ممتاز حیثیت حاصل کرسکیں۔

# پولٹری کے کاروباری اداروں کیلئے حیدرآباد میں اجتماع

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پولٹری کے شعبہ نے 14 دسمبر 2016 کو حیدرآباد کے انڈس ہوٹل میں ایک اجتماع کا اہتمام کیا۔

اس اجتماع کے پروگرام کی تیاری ہمارے پروڈکٹ منیجر نے کی۔جنہوں نے ہماری پروڈکٹس ایزاڈین(Enradin)، میکسس (Maxus) اورویموزائم (VemoZyme) کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی۔اس اجتماع کا مقصد تعمیری وتکنیکی معلومات حاصل کرنے کا موقع فراہم کرنا تھا جس کے ذریعہ ہمارے معزز کلائنٹس کو پروڈکٹ کی خصوصیات، اس کے استعمال ،خوراک کی شرح اور فوائد (پروڈکٹ کی معلومات) کے بارے میں رہنمائی حاصل ہو۔ایسے پروگراموں سے صارف کے ساتھ مضبوط تعلقات قائم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

اجتماع کا آغاز ایچ ایس ای کے بارے میں ایک پریزنٹیشن سے ہوا۔بعدازاں پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر رضوان نے ایزاڈین، میکسس اور ویموزائم کے بارے میں ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی۔انہوں نے نمایاں کمپنیوں الانکو، ایم ایس ڈی ، بائیر اور ویمو کے بارے میں بھی تذکرہ کیا۔اس اجتماع میں ہمارے بڑے کلائنٹس جیسے سونا فیڈ کے مالک جناب محمود، اے ون فیڈ کے پروڈکشن منیجر ڈاکٹر کامران اور فیلکن فیڈ کے پروڈکشن منیجر ڈاکٹر نعمان بھی خاص طور سے شریک ہوئے۔ ہمارے ٹیم ممبران نے موجودہ اور متوقع کسٹمرز سے اپنی پروڈکٹ پورٹ فولیو اور بیماریوں کے علاج میں اس کے فوائد سے متعلق گفت وشنید کی۔ آخر میں سوال وجواب کا سلسلہ ہوا اور ہماری ٹیم نے حاضرین کے سوالات کے جواب دیئے۔





فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال

# ایڈونٹا F1 1225 ٹماٹر کے کاشتکاروں سے ملاقات


ٹماٹر ہماری روزمرہ کی زندگی میں اہم سبزی اور سبزیوں کی مارکیٹ کا ایک اہم جز ہے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ویجیٹیبل سیڈز ٹیم نے ٹنڈوالہ یار میں ٹماٹر ایڈونٹا F1 1225 کی کاشت کے فوائد کے بارے میں کاشتکاروں سے ملاقاتیں کیں۔

ان ملاقاتوں کا بنیادی مقصد کاشتکاروں کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ٹماٹر کی اقسام سے متعارف کرانے کے ساتھ ساتھ مارکیٹ اور صارفین میں اپنے پروڈکٹس کی مانگ میں خاطر خواہ اضافے کا ہدف بھی حاصل کرنا تھا۔

اس سلسلے میں ٹیم نے کاشتکاروں کا اجتماع کیا اور انھیں تجارتی بنیادوں پر کاشت کئے گئے کھیت دکھائے۔اس سرگرمی میں کسانوں کو ایڈونٹا F1 1225 کے منفرد خصوصیات، اس کے بارے میں تکنیکی معلومات اور جدید ذراعتی طریقوں سے آگاہ کیا گیا تاکہ فصل سے خاطرخواہ منافع حاصل کیا جاسکے۔

ویجیٹیبل سیڈز ٹیم نے ایک نہایت موثر اور نتیجہ خیز سرگرمی منعقد کی جس کا مقصد اصل صارفین تک پہنچنے ، مارکیٹ میں پروڈکٹ کی طلب میں اضافے کے ساتھ ٹماٹر کی کاشت کو فروغ بھی دینا تھا۔







فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال

# ہائی سن 33 اور ہائی سن 39

یہ حقیقت واضح ہے کہ سورج مکھی کی فصل ہمارے کسانوں کیلئے کوئی نئی فصل نہیں ہے کیونکہ وہ گزشتہ دو دہائیوں سے زیادہ عرصہ سے اس کی کاشت کررہے ہیں۔ لیکن حالیہ سالوں میں اس کی کاشت میں کمی آرہی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن کے سیڈز کے شعبہ نے ملک میں کاشت کے رقبے میں اضافہ کیلئے ایک مہم کا آغاز کیا ہے۔ ہائی سن 33 اور ہائی سن 39 سیڈز کے شعبہ کا مقبول ترین اور سورج مکھی کے بیجوں میں نمایاں ترین برانڈ ہے۔ ہم اپنی سیلز اور ڈیولپمنٹ ٹیم کی کاوشوں سے اس کو مزید کامیاب بنانے کیلئے کام کررہے ہیں۔ سیڈز کے شعبہ کی جانب سے کئی بھرپور فیلڈ سرگرمیوں (FPA، کسانوں کی میٹنگ، HPFM) کا انعقاد کیا گیا جن کا مقصد اس برانڈ کی مقبولیت میں اضافہ کرنا اور اس کے مارکیٹ کے حصہ کو مزید بڑھانا تھا۔ اپنی ٹیم کی سیلز اور ڈیولپمنٹ کی کاوشوں کو تقویت دینے کیلئے ہم نے ٹی وی اور ایف ایم ریڈیو پر اشتہاری مہم کا بھی آغاز کیا۔ اس کیلئے ملک بھر میں دیکھے جانے والے مشہور چینلز اور علاقائی چینلز کا انتخاب کیا گیا تاکہ سندھ اور پنجاب کے دور دراز علاقوں تک پروڈکٹ کے بارے میں معلومات پھیلائی جاسکیں۔

اس مہم میں فلائرز، بینرز، پوسٹرز اور براہِ راست میل کے ذریعے کسانوں تک تشہیری مواد فراہم کیا گیا جس میں سورج مکھی کی فصل کی اہمیت کو نمایاں کیا گیا اور یہ پیغام دیا گیا کہ سورج مکھی کی فصل گندم کے فصل کے مقابلے میں زیادہ فائدہ مند ہے کیونکہ اس میں گندم کی فصل سے کم سرمایہ درکار ہوتا ہے جو فارم کی معیشت کیلئے موزوں اور سرمایہ پر بہترین منافع (ROI) دیتا ہے۔ کسان گنے کی فصل کے ساتھ ہی سورج مکھی کی فصل بھی کاشت کرسکتا ہے اور اس میں گنے کی فصل پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ پاکستان اس وقت خوردنی تیل کی درآمد پر تقریباً 2.6 بلین یو ایس ڈالر خرچ کررہا ہے۔ روئی کی کم پیداوار کے پیش نظر درآمد کے بل میں مزید اضافہ کی توقع ہے۔ کپاس اور دیگر خوردنی تیل کی فصل، جیسے سورج مکھی خوردنی تیل کی ضروریات پوری کرتی ہیں۔ ملک میں سورج مکھی کی کاشت کے فروغ کی ترغیب سے قومی خزانے کو بھی بڑا فائدہ حاصل ہوگا۔ مزید برآں سورج مکھی کی فصل ہر قسم کے علاقے میں اچھے نتائج دیتی ہے۔ چند سالوں میں یہ بھی محسوس کیا گیا ہے کہ شدید خشکی کی صورتحال میں بھی مقابلتاً سورج مکھی کی فصل بہتر ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ یہ دریا کے کنارے بھی اگائی جاسکتی ہے۔ گزشتہ سالوں میں سندھ کے ساحلی علاقوں میں دوسری فصلوں کے مقابلے میں سورج مکھی کی فصل بہت اچھی رہی ہے۔







ارضی سائنس

صحت زندگی کے ساتھ

# کارڈیو کانفرنس 2016

## دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو

شاعر نے تو آگے کہا تھا کہ محبت کی زباں ہو جا اخوت کا بیاں ہو جا لیکن ہمارے امراضِ دل کے ماہرین دل کی خرابیوں کو اس سے آگے بڑھ کر دیکھتے ہیں اور ان کا حل تلاش کرتے ہیں۔

ہمارے فارماسیوٹیکلز ڈویژن نے "46ویں سالانہ کانفرنس آف کارڈیئک سوسائٹی ، CARDIO CON 2016" میں شرکت کی جو 25 سے 27 نومبر تک ہوٹل سیرینا، کلب روڈ، فیصل آباد میں منعقد ہوئی۔ اس کا اہتمام پاکستان کارڈیک سوسائٹی اور ڈپارٹمنٹ آف کارڈیالوجی، پنجاب میڈیکل کالج /الائیڈ ہسپتال اور فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی نے مشترکہ طور پر کیا تھا۔ کانفرنس کا موضوع تھا۔"21ویں صدی میں گلوبل ہارٹ ہیلتھ"

اس تقریب کو بھرپور بنانے کیلئے پاکستان کارڈیک سوسائٹی نے نہ صرف پاکستان بھر سے بلکہ دنیا کے اور کئی ممالک سے کارڈیالوجی کے تمام شعبوں کے پیشہ ور ڈاکٹرز، ٹیکنیشنز، نرسز اور خاص طور پر مستند ماہرین کو دعوت دی تھی۔ شرکاء نے دل کی بیماریوں کے علاج کیلئے دستیاب علامات پر مبنی طریقہء کار اور تحقیقات کے علاوہ نئی اور جدید ترین ٹیکنالوجی اپنانے پر زور دیا۔ انہوں نے انٹروشنل کارڈیالوجی Interventional Cardiology سے متعلق اپنے طریقوں اور ٹیکنالوجی کے کلینکل تجربات سے آگاہ کیا۔ کئی مقررین نے ابتدائی احتیاط، طرز زندگی میں تبدیلی کے ذریعے دل کی بیماریوں سے بچاؤ کے بارے میں تفصیل سے روشنی ڈالی۔ تاہم سب سے زیادہ زور انٹروینشنل کارڈیالوجی Interventional Cardiology پر دیا گیا۔

لائف سائنسز بزنس کا فارماسیوٹیکل ڈویژن، کارڈیالوجی کے شعبہ میں نمایاں حیثیت کا حامل ہے لیکن اس پلیٹ فارم کے ذریعہ انہیں ماہرین کے ساتھ گفت وشنید اور ان سے رابطوں کو مضبوط تر کرنے کا موقع ملا جس کے نتیجے میں کارڈیو ویسکولر کے شعبہ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا مقام بلند تر ہوگا۔ اس تقریب میں بھرپور تعاون کیلئے فارماسیوٹیکل ڈویژن نے ایک خیرسگالی اجتماع کا اہتمام کیا جس میں شرکاء کو ایک دوسرے کے خیالات کے باہمی تبادلے کا آئیڈیل ماحول فراہم کیا گیا۔

مزید برآں تعلیمی سرگرمیوں کے لئے معاون اور ان کے ساتھ اشتراک کرنے والے پارٹنر کی حیثیت سے آئی سی آئی پاکستان لائف سائنسز نے اس تقریب میں ایک رسمی قرعہ اندازی کا اہتمام بھی کیا جس میں جیتنے والے خوش نصیبوں کو کارڈیالوجی کے بارے میں معیاری کتابوں کے تحائف دیئے گئے۔ مجموعی طور پر تقریب کا اہتمام کرنے والی کمیٹی نے ہماری شرکت کو بے حد سراہا اور تقریب کو کامیاب بنانے میں آئی سی آئی پاکستان لائف سائنسز کے تعاون اور حمایت پر شکریہ ادا کیا۔

یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ کارڈیالوجی کے شعبہ کی مارکیٹنگ اور سیلز ٹیموں نے اس تقریب کی کامیابی کو یقینی بنانے کیلئے بھرپور کوششیں کیں اور اہم کردار ادا کیا۔









لائف سائنسز

ہمقدم
Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics /